سیرتِ نبوی(خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ)(غزوہ تبوک)

(الف) عہدِ نبوی کے ماہ وسال(مدنی دور)

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ بطور معاشرتی مصلح

﴿تفصیلی سوالات﴾

سوال1: غزوہ تبوک پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

جواب:

غزوہ تبوک

وجہ تسمیہ:

غزوہ تبوک 9ہجر میں ہوا۔ تبوک ایک مشہور مقام ہے جو مدینہ منورہ سے دمشق کے راستے پر واقع ہے۔ اس علاقے میں موجود پانی کے ایک چشمے کا نام بھی تبوک تھا اسی مناسبت سے اس غزوے کا نام بھی غزوہ تبوک پڑ گیا۔

مسلمانوں پر حملے کا ارادہ:

معرکہ موتہ کے بعد رومی سلطنت نے مسلمانوں پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا۔ غسانی قبائل جو شام میں رومیوں کے زیر اثر تھے اور مسیحی مذہب سے تعلق رکھتے تھے، ان کو قیصر روم نے ہرقل نے اس لڑائی کے لیے اُبھارا۔

مسلمانوں کو خبر:

شام کے تاجروں نے مدینہ منورہ میں یہ خبر دے دی کہ رومیوں نے شام میں مسلمانوں کے مقابلے کے لیے ایک بڑا لشکر تیار کیا ہے جس کو ہرقل کی حمایت حاصل ہے۔

مسلمانوں کی تیاری:

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو جب اس کی اطلاع ملی تو آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے رومیوں سے جنگ کی تیاری کا حکم دیا۔ یہ سخت تنگی، قحط سالی اور شدید گرمی کے دن تھے۔ پھلوں کے پکنے کا موسم تھا جس کی وجہ سے گھروں سے نکلنا بہت دشوار تھا۔

جنگ میں شرکت لازمی قرار:

ان ناسازگار حالات کے باوجود جب نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے غزوہ تبوک کا اعلان فرمایا تو صحابہ کرام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُم نے بڑے جوش و خروش سے تیاری شروع کر دی آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اس مہم میں ہر اس شخص کی شرکت لازمی قرار دے دی جو صحت مند ہو اور اس کے پاس سواری کا جانور موجود ہو۔

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا طرزِ عمل:

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے غزوہ تبوک کی تیاری کے لیے مال وسباب اکٹھے کرنے شروع کر دیے۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے کہنے پر صحابہ کرام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُم نے اپنا مال دولت آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے قدموں میں نچھاور کر دیا۔

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

حضرت ابو بکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُم نے اپنے گھر کا سارا مال نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کر دیا۔ رسول خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ان سے دریافت فرمایا:

ترجمہ: "تم نے اپنے گھر والوں کے لیے کیا چھوڑا؟"

سیدنا ابو بکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُم نے عرض کیا: "میں ان کے لیے اللہ اور اس کے رسول خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ محبت اور الفت کو چھوڑ کر آیا ہوں"۔

حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

www.ilmkidunya.com

اس موقع پر حضرت عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنے گھر کا آدھا مال نبی کریم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں پیش کیا۔

حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

حضرت عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ غزوہ تبوک کی تیاری کے لیے ایک سو گھوڑے، نو سو اونٹ اور ایک ہزار دینار لے کر حاظر ہوئے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے یہ تمام لشکر کا سازو سامان مہیا کیا۔

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے چار ہزار درہم نبی اکرم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کیے۔

حضرت سیدنا عاصم بن عدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

غزوہ تبوک کے موقع پر سیدنا عاصم بن عدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے 90 وسق (13 ٹن یعنی 5 سو کلو گرام) کھجوریں نبی اکرم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کیں۔

حضرت ابو عقیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

حضرت ابو عقیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ رات بھر مزدوری کر کے نصف ساع کھجوریں کما کر نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کیں۔

صحابیات رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا طرزِ عمل:

صحابہ کریم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ساتھ صحابیات رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے بھی اپنے اموال رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کیے سیدہ اُم سنان اسلمیہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتی ہیں کہ: "میں نے سیدہ عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہا کے حجرے میں رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے سامنے ایک چادر بچھی ہوئی دیکھی جس میں مسلمان خواتین اپنے ہار، چوڑیاں، انگوٹھیاں، جھمکے دیگر زیوارات اور کپڑے ڈال رہی تھیں۔"

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ذمہ داریاں:

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت علی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو مدینہ منورہ میں اہل بیت کی حفاظت، گھریلو اور دیگر امور کی انجام دہی پر مامور فرمایا ہے۔

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا جذبہ ایمانی:

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے سواریوں کی کمی کی وجہ سے بعض صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مدینہ منورہ میں ہی ٹھہرنے کا حکم دیا تو ان صحابہ کرام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُم کے خلوص، جذبہ ایمانی اور جہاد کے شوق کی وجہ سے ان کی آنکھوں سے آنسو نکل پڑے۔

منافقین کا طرزِ عمل:

غزوہ تبوک کے سر کی تیاری زور شور سے جاری تھی۔ زادِ سفر اور سواریوں کا بندوبست کیا جا رہا تھا لیکن منافقین کا ٹولہ طرح طرح کی سازشوں میں مصروف تھا۔

- **جد بن قیس:**

منافقین کے لیڈر جد بن قیس اور عبداللہ بن ابی جہاد کے لیے نکلنے پر راضی نہ تھے۔ وہ اپنی جماعت سمیت مسلمانوں کے حوصلے پست کرنے اور رومیوں سے خوف زدہ کرنے میں مشغول تھے۔

- **عبداللہ بن ابی:**

جب نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ اسلامی لشکر تبوک کی طرف روانہ ہوئے تو منافقین کا سردار عبداللہ بن ابی ثنیۃ الوداع کے پاس ذباب نامی مقام پر اپنے ساتھیوں سمیت یہ کہہ کر واپس لوٹ گیا کہ: اتنے گرم موسم میں حالات کی تنگی کے باوجود مسلمان رومیوں سے جنگ لڑنے جا رہے ہیں۔ رومی بہت طاقت ور ہیں ان کا مقابلہ کرنا کسی کے بس کی بات نہیں۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے سامنے منافقوں کی حالت عیاں کر دی اور وہ بے نقاب ہو گئے۔

لشکر کی روانگی:

www.ilmkidunya.com

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی قیادت میں تیس ہزار صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا لشکر شام کی طرف روانہ ہوا۔

سفر کے دوران درپیش مشکلات:

سفر کے دوران مسلمانوں کو درج ذیل تین طرح کی مشکلات کا سامنا تھا:

- سواریاں کم تھیں۔
- زادراہ بہت تھوڑا تھا۔
- پانی کی شدید قلت تھی۔
- ایک اونٹ پر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم باری باری سواری کرتے تھے۔
- مٹھی بھر کھجوریں کئی افراد میں تقسیم ہو جاتی تھیں۔

جیش العسرہ:

مسلمانوں نے آٹھ سو پانچ کلو میٹر کا یہ فاصلہ انتہائی استقامت، صبر و تحمل اور جواں مردی سے طے کیا۔ سامان کی کمی اور سفر کی تکلیف کی وجہ سے اسے جیش العسرہ یعنی تنگی کا لشکر بھی کہا جاتا ہے۔

مسلمانوں کی فتح:

مسلمانوں کی جرات مندانہ پیش قدمی کو دیکھتے ہوئے رومی فوج اسلامی لشکر کے مقابلے کی ہمت نہ کر سکی۔ اس غزوہ میں مسلمانوں کو بغیر لڑائی کے فتح حاصل ہوئی۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ تبوک کے مقام پر 20 دن قیام فرمانے کے بعد مدینہ منورہ واپس لوٹ آئے۔ مدینہ منورہ واپسی پر عورتوں اور بچوں نے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا والہانہ استقبال کیا۔

سوال2: حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی توبہ پر نوٹ لکھیں۔

جواب:

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ

غزوہ تبوک میں سیدنا کعب بن مالک، ہلال بن امیہ اور مرارہ بن ربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہم بغیر کسی معقول وجہ کے غزوہ تبوک میں شرکت کرنے سے رہ گئے تھے۔ غزوہ تبوک سے واپسی پر نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے پوچھنے پر جب منافقین جھوٹے بہانے تراش رہے تھے تو انھوں نے آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں حاضر ہو کر سچ سچ بتا دیا اور آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے معافی طلب کی۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ان کے بیانات قبول کرتے ہوئے ان کی توبہ کی قبولیت اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دی اور صحابہ کرام رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُم کو ان سے بات چیت کرنے سے منع کر دیا۔ اس معاشرتی مقاطعے کو پچاس دن گزر گئے جو ان کی زندگی کے مشکل ترین دن تھے۔ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی طرف وحی نازل فرمائی اور ان کی توبہ قبول فرمائی۔ صحابہ کرام رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُم حضرت کعب رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ کو مبارک دے رہے تھے اور کہہ رہے تھے مبارک ہو اللہ تعالیٰ نے تمہاری توبہ قبول فرما لی اور انہیں معاف فرما دیا۔ حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسجد نبوی خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ میں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا چہرہ مبارک خوشی سے چمک رہا تھا۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا تمہیں آج کا دن مبارک ہو، یہ دن ان تمام دنوں سے مبارک ہے جو تمھاری پیدائش کے بعد سے آج تک تم پر گزرے ہیں۔ حضرت کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول یہ معافی آپ کی طرف سے ہے یا اللہ تعالیٰ کی طرف سے؟ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: یہ معافی اللہ کی طرف سے ہے۔ حضرت کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

www.ilmkidunya.com

وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ چوں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے سچ بولنے کی برکت سے نجات دی ہے اس لیے میں یہ عہد کرتا ہوں کہ جب تک زندہ ہوں گا ہمیشہ سچ ہی کہوں گا۔اللہ تعالیٰ نے مجھے سچ بولنے کی وجہ سے کس قدر حسین انداز میں نوازا ہے۔

مختصر سوالات

سوال1: اہل مدینہ کو رومیوں کی جنگی تیاری کے بارے میں کس نے آگاہ کیا؟

جواب:

اہل مدینہ کو خبر

شام کے تاجروں نے مدینہ منورہ میں یہ خبر دے دی کہ رومیوں نے شام میں مسلمانوں کے مقابلے کے لیے ایک بڑا لشکر تیار کیا ہے جس کو ہرقل کی حمایت حاصل ہے۔

سوال2: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے کن لوگوں کے لیے جنگ میں شرکت لازمی قرار دی؟

جواب:

جنگ میں لازمی شرکت

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اس جنگ میں ہر اس شخص کی شرکت لازمی قرار دے دی:

- جو صحت مند ہو۔
- اس کے پاس سواری کا جانور موجود ہو۔

سوال3: غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے کتنا سامان نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کیا؟

جواب:

حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے لشکر تبوک کی تیاری کے لیے:

- ایک سو گھوڑے
- نو سو اونٹ
- ایک ہزار دینار لے کر حاظر ہوئے۔
- آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ایک تہائی لشکر کو ساز و سامان مہیا کیا۔

سوال4: غزوہ تبوک کے موقع پر خواتین نے کس طرح اسلامی لشکر کی تیاری میں مدد کی؟

جواب:

غزوہ تبوک میں خواتین کی مدد

صحابہ کریم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ساتھ صحابیات رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے بھی اپنے اموال رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کیے سیدہ اُم سنان اسلمیہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتی ہیں کہ:"میں نے سیدہ عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہا کے حجرے میں رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے سامنے ایک چادر بچھی ہوئی دیکھی جس میں مسلمان خواتین اپنے زیور، پوڑیاں، انگوٹھیاں، جھمکے دیگر زیورات اور کنگن ڈال رہی تھیں۔"

سوال5: غزوہ تبوک کے موقع پر منافقین نے کیا کردار ادا کیا؟

جواب:

منافقین کا کردار

جب نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ اسلامی لشکر لے کر تبوک کی طرف روانہ ہوئے تو منافقین کا سردار عبداللہ بن ابی ثنیتہ الوداع کے پاس ذباب نامی مقام پر اپنے ساتھیوں سمیت یہ کہہ کر واپس لوٹ گیا کہ: اتنے گرم موسم میں حالات کی تنگی کے باوجود مسلمان رومیوں سے جنگ لڑنے جا رہے ہیں۔ رومی بہت طاقت ور ہیں ان کا مقابلہ کرنا کسی کے بس کی بات نہیں۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے سامنے منافقوں کی حالت عیاں کر دی اور وہ بے نقاب ہو گئے۔

سوال6: غزوہ تبوک کو غزوہ تبوک کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب:

غزوہ تبوک

www.ilmkidunya.com

غزوہ تبوک 9 ہجر میں ہوا۔ تبوک ایک مشہور مقام ہے جو مدینہ منورہ سے دمشق کے راستے پر واقع ہے۔ اس علاقے میں موجود پانی کے ایک چشمے کا نام تبوک تھا اسی مناسبت سے اس غزوے کا نام بھی غزوہ تبوک پڑ گیا۔

سوال7: رومی سلطنت مسلمانوں پر حملہ کیوں کرنا چاہتی ہے؟

جواب:

رومی سلطنت کے حملے کی وجہ

معرکہ موتہ کے بعد رومی سلطنت نے مسلمانوں پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا۔ غسانی قبائل جو شام میں رومیوں کے زیر اثر تھے اور مسیحی مذہب سے تعلق رکھتے تھے، ان کو قیصر روم نے ہرقل نے اس لڑائی کے لیے اُبھارا۔

سوال8: غزوہ تبوک کے وقت کیسا موسم تھا؟

جواب:

غزوہ تبوک کے وقت موسم

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو جب رومیوں کی تیاری کے متعلق پتہ چلا تو آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے جنگ کی تیاری کا حکم دیا یہ سخت تنگی، قحط سالی اور شدید گرمی کے دن تھے۔ پھلوں کے پکنے کا موسم تھا جس کی وجہ سے گھروں سے نکلنا بہت دشوار تھا۔

سوال9: غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کتنا سامان نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کیا؟

جواب:

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت ابو بکر صدیق رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ نے اپنے گھر کا سارا مال نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کر دیا۔ رسول خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ان سے دریافت فرمایا:

ترجمہ: "تم نے اپنے گھر والوں کے لیے کیا چھوڑا؟"

سیدنا ابو بکر صدیق رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ نے عرض کیا: "میں ان کے لیے اللہ اور اس کے رسول خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی محبت اور الفت کو چھوڑا کر آیا ہوں"۔

سوال10: غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کتنا سامان نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کیا؟

جواب:

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت عمر فاروق رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ نے اپنے گھر کا آدھا مال نبی کریم رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ کی خدمت میں پیش کیا۔

سوال11: غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کتنا سامان نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کیا؟

جواب:

حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ

غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے چار ہزار درہم نبی اکرم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کیے۔

سوال12: غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت سیدنا عاصم بن عدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کتنا سامان نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کیا؟

جواب:

حضرت سیدنا عاصم بن عدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

غزوہ تبوک کے موقع پر سیدنا عاصم بن عدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے 90 وسق (13 ٹن یعنی 5 سو کلو گرام) کھجوریں نبی اکرم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کیں۔

سوال13: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے سواریوں کی کمی کی وجہ سے بعض صحابہ کو مدینہ میں ٹھہرنے کا حکم دیا تو ان کا کیا طرزِ عمل تھا؟

جواب:

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا طرزِ عمل

www.ilmkidunya.com

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے سواریوں کی کمی کی وجہ سے بعض صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو مدینہ منورہ میں ہی ٹھہرنے کا حکم دیا تو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے خلوص، جذبہ ایمانی اور جہاد کی شوق کی وجہ سے ان کی آنکھوں سے آنسو نکل پڑے۔

سوال14: غزوہ تبوک کے وقت مسلمانوں کے لشکر کی تعداد کتنی تھی؟

جواب:

مسلمانوں کے لشکر کی تعداد:

غزوہ تبوک کے وقت نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی قیادت میں مسلمانوں کے لشکر کی تعداد 30 ہزار تھی۔ مسلمانوں کا یہ لشکر 9 ہجری کو مدینہ منورہ سے شام کی طرف روانہ ہوا۔

سوال15: غزوہ تبوک کے سفر کے دوران مسلمانوں کو کون سی مشکلات کا سامنا تھا؟

جواب:

سفر کے دوران درپیش مشکلات

غزوہ تبوک کے سفر کے دوران مسلمانوں کو درج ذیل تین طرح کی مشکلات کا سامنا تھا:

- سواریاں کم تھیں۔
- زادِ راہ بہت تھوڑا تھا۔
- پانی کی شدید قلت تھی۔
- ایک اُونٹ پر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم باری باری سواری کرتے تھے۔
- مٹھی بھر کھجوریں کئی افراد میں تقسیم ہوتی تھیں۔

سوال16: جیش العسرہ سے کیا مراد ہے؟

جواب:

جیش العسرہ

غزوہ تبوک میں مسلمانوں نے آٹھ سو پانچ کلو میٹر کا یہ فاصلہ انتہائی استقامت، صبر و تحمل اور جواں مردی سے طے کیا۔ سامان کی کمی اور سفر کی تکلیف کی وجہ سے اسے جیش العسرہ یعنی تنگی کا لشکر بھی کہا جاتا ہے۔

سوال17: غزوہ تبوک کا کیا نتیجہ ہوا؟

جواب:

غزوہ تبوک کا نتیجہ

مسلمانوں کی جرات مندانہ پیش قدمی کو دیکھتے ہوئے رومی فوج اسلامی لشکر کے مقابلے کی ہمت نہ کر سکی۔ اس غزوہ میں مسلمانوں کو بغیر لڑائی کے فتح حاصل ہوئی۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ تبوک کے مقام پر 20 دن قیام فرمانے کے بعد مدینہ منورہ واپس لوٹ آئے۔ مدینہ منورہ واپسی پر عورتوں اور بچوں نے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا والہانہ استقبال کیا۔

سوال18: کون سے صحابی بغیر کسی معقول وجہ کے غزوہ تبوک میں شرکت کرنے سے رہ گئے؟

جواب:

غزوہ تبوک میں عدم شرکت

غزوہ تبوک میں درج ذیل صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ بغیر کسی معقول وجہ سے شرکت سے رہ گئے:

- حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ
- حضرت ہلال بن امیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ
- حضرت مرارہ بن ربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سوال19: حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی توبہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب:

حضرت کعب بن مالک کی توبہ

غزوہ تبوک سے واپسی پر نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے پوچھنے پر جب منافقین جھوٹے بہانے تراش رہے تھے تو انھوں نے آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں حاضر ہو کر سچ سچ بتا دیا اور آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے معافی طلب کی۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ان کے بیانات قبول کرتے ہوئے ان کی توبہ کی قبولیت اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دی اور صحابہ کرام رَضِيَ اللّٰهُ

www.ilmkidunya.com

تَعَالٰى عَنْهُ کو ان سے بات چیت کرنے سے منع کر دیا۔ اس معاشرتی مقاطعے کو پچاس دن گزر گئے جو ان کی زندگی کے مشکل ترین دن تھے۔ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی طرف وحی نازل فرمائی اور ان کی توبہ قبول فرمائی۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم حضرت کعب کو مبارک باد دے رہے تھے اور کہہ رہے تھے مبارک ہو اللہ تعالیٰ نے تمہاری توبہ قبول فرمائی اور تمہیں معاف فرما دیا۔

سوال20: حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کیا فرمایا؟

جواب: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی کعب بن مالک کو مبارک باد

حضرت کعب بن مالک رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهَا مسجد نبوی میں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا چہرہ مبارک خوشی سے چمک اٹھا۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا تمہیں آج کا دن مبارک ہو۔ یہ دن ان تمام دنوں سے مبارک ہے۔ جو تمہاری پیدائش کے بعد سے آج تک تم پر گزرے ہیں۔ حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی یا رسول خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ یہ معافی آپ کی طرف سے ہے یا اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے؟ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: یہ معافی اللہ کی طرف سے ہے۔ حضرت کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ چونکہ اللہ تعالیٰ نے مجھے سچ بولنے کی برکت سے نجات دی ہے اس لیے میں یہ عہد کرتا ہوں کہ جب تک زندہ رہوں گا ہمیشہ سچ بات ہی کہوں گا۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے سچ بولنے کی وجہ سے کس قدر حسین انداز میں نوازا ہے۔

﴿کثیر الانتخابی سوالات﴾

1۔ **مدینہ منورہ سے دمشق کے راستے پر واقع تبوک نام ہے:**
(A) چشمے کا　(B) سرائے کا　(C) باغ کا　(D) دریا کا

2۔ **غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت ابو بکر صدیق رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ نے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کیا کیں:**
(A) گھر کا سارا سامان　(B) نصف صاع کھجوریں
(C) 13 ٹن 500 کا کلو گرام کھجوریں　(D) ایک ہزار اونٹ اور اشرافیاں

3۔ **غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت علی رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ کو ذمہ داری سونپی گئی:**
(A) غزوہ کی تیاری کے لیے مال جمع کرنے کی　(B) اسلامی لشکر کے سپہ سالار کی
(C) اہل بیت کی حفاظت کی　(D) لشکر کی تیاری کی

4۔ **غزوہ تبوک کے موقع پر مسلمانوں کے پاس:**
(A) سواریوں کی کثرت تھی　(B) جنگی ساز و سامان بہت زیادہ تھا
(C) سپاہیوں کی کمی تھی　(D) زادِ راہ کی شدید قلت تھی

5۔ **غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت کعب بن مالک رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ کی قبول ہوئی:**
(A) سچ بولنے کی وجہ سے　(B) وعدہ پورا کرنے کی وجہ سے　(C) سخاوت کی وجہ سے　(D) کثرت شعاری کی وجہ سے

6۔ **غزوہ تبوک پیش آیا:**
(A) 9 ہجری　(B) 10 ہجری　(C) 11 ہجری　(D) 12 ہجری

7۔ **غزوہ تبوک میں مسلمانوں کا مقابلہ تھا:**
(A) شامیوں سے　(B) رومیوں سے　(C) عراقیوں سے　(D) قریش مکہ سے

8۔ **غسانی قبائل کا کس مذہب سے تھا؟**

www.ilmkidunya.com

(A) بدھ مت (B) یہودیت (C) مسیحیت (D) پارسی

9۔ مسلمانوں کو روم پر حملے کی خبر کس نے دی؟

(A) مدینہ کے تاجروں نے (B) شام کے تاجروں نے (C) شام کے علمانے (D) صحابہ کرام نے

10۔ ہر وہ شخص جو صحت مند ہو اور اس کے پاس سواری کا بانور موجود وہ شرکت کرے:

(A) غزوہ اُحد میں (B) غزوہ خندق میں (C) غزوہ حنین میں (D) غزوہ تبوک میں

11۔ غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی اکرم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کیا:

(A) گھر کا سارا سامان (B) گھر کا آدھا سامان

(C) ایک ہزار اُونٹ اور اشرفیاں (D) نصف صاع کھجوریں

12۔ غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی اکرم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کیا:

(A) گھر کا سارا سامان (B) گھر کا آدھا سامان (C) چار ہزار درہم (D) نصف صاع کھجوریں

13۔ غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت سیدنا عاصم بن عدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی اکرم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کیا:

(A) 13 ٹن یعنی 500 کلو گرام کھجوریں (B) گھر کا آدھا سامان

(C) چار ہزار درہم (D) نصف صاع کھجوریں

14۔ غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت ابو عقیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی اکرم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کیا:

(A) 13 ٹن یعنی 500 کلو گرام کھجوریں (B) گھر کا آدھا سامان

(C) چار ہزار درہم (D) نصف صاع کھجوریں

15۔ منافقین کا سردار عبداللہ بن ابی کس مقام پر اپنے ساتھیوں سمیت واپس لوٹ گیا؟

(A) ذباب نامی مقام (B) حنین نامی مقام (C) طائف نامی مقام (D) غدیر نامی مقام

16۔ غزوہ تبوک میں مسلمانوں کے لشکر کی تعداد تھی:

(A) 10 ہزار (B) 20 ہزار (C) 30 ہزار (D) 40 ہزار

17۔ مدینہ سے تبوک تک کا فاصلہ تھا:

(A) 8 سو کلو میٹر (B) 805 کلو میٹر (C) 850 کلو میٹر (D) 950 کلو میٹر

18۔ مسلمانوں نے تبوک کے مقام پر قیام کیا:

(A) 10 دن (B) 20 دن (C) 30 دن (D) 40 دن

19۔ کس غزوہ میں مسلمانوں کو لڑائی کے بغیر فتح حاصل ہوئی؟

(A) غزوہ بدر میں (B) غزوہ خندق میں (C) غزوہ تبوک میں (D) غزوہ حنین میں

20۔ کون سے صحابی بغیر کسی معقول وجہ کے غزوہ تبوک میں شرکت کرنے سے رہ گئے؟

(A) حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ (B) حضرت زید بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(C) حضرت اُسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ (D) حضرت ابو عقیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ

21۔ حضرت کعب بن مالک کا معاشرتی مقاطع کتنے دن رہا؟

(A) 30 دن (B) 40 دن (C) 50 دن (D) 60 دن

22۔ حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی معافی کس وجہ سے ہوئی؟

www.ilmkidunya.com

(A) شرمندگی کی وجہ سے (B) سچ بولنے کی وجہ سے (C) بہانے بنانے کی وجہ سے (D) نہ جانے کی وجہ سے

کثیر الانتخابی سوالات کے جوابات

11	10	9	8	7	6	5	4	3	2	1
B	D	B	C	B	A	A	D	C	A	A
22	21	20	19	18	17	16	15	14	13	12
B	C	A	C	B	B	C	A	D	A	C

www.ilmkidunya.com

مشقی سوالات

(i) درست جواب کا انتخاب کریں:

1۔ مدینہ منورہ سے دمشق کے راستے پر واقع تبوک کا نام ہے:
(A) چشمے کا (B) سرائے کا (C) باغ کا (D) دریا کا

2۔ غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت ابو بکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کیا:
(A) گھر کا سارا سامان (B) نصف سارا کھجوریں
(C) 13 ٹن 500 کا کلو گرام کھجوریں (D) ایک ہزار اونٹ اور اشرفیاں

3۔ غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت علی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو ذمہ داری سونپی گئی:
(A) غزوہ کی تیاری کے لیے مال جمع کرنے کی (B) اسلامی لشکر کے سپہ سالار کی
(C) اہل بیت کی حفاظت کی (D) لشکر کی تیاری کی

4۔ غزوہ تبوک کے موقع پر مسلمانوں کے پاس:
(A) سواریوں کی کثرت تھی (B) جنگی ساز و سامان بہت زیادہ تھا
(C) سپاہیوں کی کمی تھی (D) زادِ راہ کی شدید قلت تھی

5۔ غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت کعب بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی قبول ہوئی:
(A) سچ بولنے کی وجہ سے (B) وعدہ پورا کرنے کی وجہ سے (C) سخاوت کی وجہ سے (D) کفایت شعاری کی وجہ سے

مشقی کثیر الانتخابی سوالات کے جوابات

5	4	3	2	1
A	D	C	A	A

(ii) مختصر جواب دیں:

1۔ اہل مدینہ کو رومیوں کی جنگی تیاری کے بارے میں کس نے آگاہ کیا؟

جواب:

اہلِ مدینہ کو خبر

شام کے تاجروں نے مدینہ منورہ میں یہ خبر دے دی کہ رومیوں نے شام میں مسلمانوں کے مقابلے کے لیے ایک بڑا لشکر تیار کیا ہے جس کو ہرقل کی حمایت حاصل ہے۔

2۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے کن لوگوں کے لیے جنگ میں شرکت لازمی قرار دی؟

جواب:

جنگ میں لازمی شرکت

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اس جنگ میں ہر اس شخص کی شرکت لازمی قرار دے دی:

- جو صحت مند ہو۔
- اس کے پاس سواری کا جانور موجود ہو۔

3۔ غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے کتنا سامان نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کیا؟

جواب:

حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ لشکرِ تبوک کی تیاری کے لیے:

- ایک سو گھوڑے
- نو سو اونٹ
- ایک ہزار دینار لے کر حاضر ہوئے۔
- آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ایک تہائی لشکر کو ساز و سامان مہیا کیا۔

4۔ غزوہ تبوک کے موقع پر خوتین نے کس طرح اسلامی لشکر کی تیاری میں مدد کی؟

www.ilmkidunya.com

جواب: **غزوہ تبوک میں خواتین کی مدد**

صحابہ کرام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمْ کے ساتھ صحابیات رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُنَّ نے بھی اپنے اموال رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کیے سیدہ اُم سنان اسلمیہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا بیان کرتی ہیں کہ:

"میں نے سیدہ عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا کے حجرے میں رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے سامنے ایک چادر بچھی ہوئی دیکھی جس میں سلمان خواتین کے ہار، چوڑیاں، انگوٹھیاں، جھمکے دیگر زیوارات اور کپڑے ڈال رہی تھیں۔"

5۔ غزہ تبوک کے موقع پر منافقین نے کیا کردار ادا کیا؟

جواب: **منافقین کا کردار**

جب نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ تبوک کی طرف روانہ ہوئے تو منافقین کا سردار عبداللہ بن ابی ثنیتہ الوداع کے پاس ذباب نامی مقام پر اپنے ساتھیوں سمیت یہ کہہ کر واپس لوٹ گیا کہ: اتنے گرم موسم میں حالات کی تنگی کے باوجود مسلمان رومیوں سے جنگ لڑنے جا رہے ہیں۔ رومی بہت طاقت ور ہیں ان کا مقابلہ کرنا کسی کے بس کی بات نہیں۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے سامنے منافقوں کی حالت عیاں کر دی اور وہ بے نقاب ہو گئے۔

(iii) تفصیلی جواب دیں:

1۔ غزہ تبوک پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

جواب: دیکھئے تفصیلی سوال نمبر 1

سرگرمیاں برائے طلبہ:

سوال 1: کتبِ سیرت سے غزوہ تبوک کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

جواب: **غزوہ تبوک**

تبوک عرب اور شام کا سرحدی مقام ہے۔ یہ رومیوں کی حکومت میں تھا۔ روم اور عرب کے سرحدی علاقے پر رومی حکومت کی جانب سے عرب سردار حکومت کرتے تھے۔ شرجیل والئی بصریٰ بھی ان ہی سرداروں میں سے ایک تھا۔ جنگ موتہ کے بعد ہی سے رومیوں نے عرب پر حملہ کا ارادہ کر لیا تھا۔ شام کے غسانی خاندان کو جو سلاعرب اور مذہباً عیسائی تھا اور رومی حکومت کے ماتحت تھا اس مہم پر مامور کیا تھا۔ اس وقت سے عرب پر ان کے حملہ کی افواہیں برابر پھیلتی رہتی تھیں۔ اسی زمانہ میں شام کے تاجروں نے مدینہ آکر اطلاع دی کہ شام میں رومیوں نے بہت بڑی فوج جمع کر لی ہے۔ یہ افواہیں بھی پھیل گئیں کہ عیسائی عربوں کی درخواست پر قیصر روم نے چالیس ہزار فوج بھیجی دی ہے۔

چونکہ رومیوں کی جانب سے خطرہ تھا اس لیے ان خبروں پر یقین کرنے میں تامل نہ ہوا۔ آنحضرت خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ رجب ۹ھ میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مدینہ چھوڑ کر تیس ہزار مسلمانوں کے ساتھ جس میں دس ہزار سوار تھے شام روانہ ہوئے۔ تبوک پہنچ کر معلوم ہوا کہ حملہ کی افواہیں غلط تھیں۔

تاہم آپ نے بیس دن تک تبوک میں قیام فرمایا۔ ایلہ کے سردار یوحنا نے حاضر ہو کر جزیہ دینا قبول کیا اور ایک خچر ہدیہ کے طور پر پیش کیا۔ "دومتہ الجندل" کا حاکم قیصر روم کے تحت تھا۔ اس کی جانب سے خطرہ تھا اس لیے آپ نے حضرت خالد بن ولید کو چار سو آدمیوں کے ساتھ دومتہ الجندل بھیجا۔ خالد بن ولید نے اسے گرفتار کر لیا۔ وہ اطاعت پر آمادہ ہو گیا۔ حضرت خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے اس شرط پر رہا کر دیا کہ وہ بارگاہِ نبوی خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ میں حاضر ہو کر شرائط صلح نامہ پیش کرے۔ بیس دن تبوک کے قیام کے بعد آس پاس کے حکمرانوں کو مطیع بنا کر آنحضور خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ مدینہ واپس تشریف لائے۔ دومتہ الجندل کا والی مدینہ حاضر ہوا۔ آپ نے اسے امان نامہ عطا کر کے واپس فرمادیا۔

(طبقات ابن سعد، طبری)

نتائج واثرات:

- بحیرہ قلزم کی ایک ناہتی ہی مفید بندرگاہ ایلہ (عقبہ) اسلام کے زیر اثر آگئی۔
- اسلامی حکومت کا اثر واقتدار بیرون عرب بھی پہنچ گیا۔ اسلامی شوکت کی دھاک بندھ گئی۔ اس کے بعد عرب کا کوئی قبیلہ مقابلہ کو نہ اٹھا۔
- مفتوحین شام کے غیر مسلم ہونے کے باوجود حضور خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ان کے ساتھ عدیم المثال عدل وشفقت کا سلوک کیا۔ کسی کو اسلام پر مجبور نہ کیا۔ جزیہ کی شرح نہایت معمولی تھی۔

www.ilmkidunya.com

نتیجہ یہ ہوا کہ حضور خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے مدینہ واپس آنے کے بعد شام میں آپ کی تعریف کے چرچے ہونے لگے۔ گویا اسلام کی اشاعت کے لیے ایک نیا باب کھل گیا۔

سوال 2: **کمرا جماعت میں منافقت کی مختلف صورتوں سے بچنے پر مذاکرہ کریں۔**

جواب: اساتذہ کرام کمرا جماعت میں منافقت کی مختلف صورتوں سے بچنے پر مذاکرہ کروائیں اور طلبا کی حوصلہ افزائی کروائیں۔

برائے اساتذہ کرام:

سوال 1: کمرا جماعت میں غزوہ تبوک سے متعلق کوئز مقابلے کا انعقاد کروائیں۔

جواب: اساتذہ کرام غزوہ تبوک سے متعلق طلبا سے کوئز کا اہتمام کریں اور جیتنے والے طلبا کی حوصلہ افزائی کریں۔

www.ilmkidunya.com

یہاں سے کاٹیں

سیلف ٹیسٹ

وقت: 40 منٹ
کل نمبر:25

سوال1: ہر سوال کے لیے چار ممکنہ جوابات (A)، (B)، (C) اور (D) دیے گئے ہیں درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔ (8×1=8)

(i) غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت کعب بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی قبول ہوئی:
(A) سچ بولنے کی وجہ سے (B) وعدہ پورا کرنے کی وجہ سے (C) تاخیر کی وجہ سے (D) کفایت شعاری کی وجہ سے

(ii) غزوہ تبوک پیش آیا:
(A) 9ہجری (B) 10ہجری (C) 11ہجری (D) 12ہجری

(iii) غزوہ تبوک میں مسلمانوں کا مقابلہ تھا:
(A) شامیوں سے (B) رومیوں سے (C) عراقیوں سے (D) قریشِ مکہ سے

(iv) غسانی قبائل کا کس مذہب سے تھا؟
(A) بدھ مت (B) یہودیت (C) مسیحیت (D) پارسی

(v) مسلمانوں کو رومیوں کے حملے کی خبر کس نے دی؟
(A) مدینہ کے تاجروں نے (B) شام کے تاجروں نے (C) شام کے علما نے (D) صحابہ کرام نے

(vi) ہر وہ شخص جو صحت مند ہو اور اس کے پاس سواری کا جانور موجود وہ شرکت کرے:
(A) غزوہ اُحد میں (B) غزوہ خندق میں (C) غزوہ حنین میں (D) غزوہ تبوک میں

(vii) منافقین کا سردار عبداللہ بن ابی کس مقام پر اپنے ساتھیوں سمیت واپس لوٹ گیا؟
(A) ذباب نامی مقام (B) حنین نامی مقام (C) طائف نامی مقام (D) غدیر نامی مقام

(viii) غزوہ تبوک میں مسلمانوں کے لشکر کی تعداد تھی:
(A) 10ہزار (B) 20ہزار (C) 30ہزار (D) 40ہزار

سوال2: درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیں۔ (6×2=12)

(i) اہل مدینہ کو رومیوں کی جنگی تیاری کے بارے میں کس نے آگاہ کیا؟

(ii) نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ نے کن لوگوں کے لیے جنگ میں شرکت لازمی قرار دی؟

(iii) غزوہ تبوک کے موقع پر خواتین نے کس طرح اسلامی لشکر کی تیاری میں مدد کی؟

(iv) غزہ تبوک کے موقع پر منافقین نے کیا کردار ادا کیا؟

(v) غزوہ تبوک کو غزوہ تبوک کیوں کہا جاتا ہے؟

(vi) رومی سلطنت مسلمانوں پر حملہ کیوں کرنا چاہتی تھی؟

سوال3: درج ذیل سوال کا تفصیلاً جواب لکھیں۔ (5×1=5)

غزوہ تبوک پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

www.ilmkidunya.com

حجۃُ الوداع

﴿تفصیلی سوالات﴾

سوال1: خطبہ حجۃ الوداع پر جامع نوٹ لکھیں۔

جواب:

خطبہ حجۃ الوداع

حجۃ الوداع:

رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اپنے وصال سے قبل جو حج ادا فرمایا اس کو حجۃ الوداع کہتے ہیں۔

حج کا اعلان:

اکناف عالم میں اسلام کی دعوت و تبلغ کی ذمہ داری کی تکمیل کے بعد نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حج ادا کرنے کا اعلان فرمایا آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے مسلمان اکٹھے ہو گئے۔

حج کے لیے روانگی:

ہفتہ 26 ذوالقعدہ 10 ہجری کو آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ظہر کی نماز کے بعد مدینہ منورہ سے روانہ ہو گئے۔ نماز عصر سے پہلے ذوالحلیفہ پہنچ گئے۔

ذوالحلیفہ میں قیام:

ذوالحلیفہ پہنچ کر دو رکعت عصر کی نماز پڑھی اور رات وہیں گزاری صبح ہوئی تو آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

"آج رات میرے رب کی طرف سے ایک آنے والا آیا اور اس نے کہا اس "مبارک وادی" میں نماز پڑھو اور کہو عمرہ حج میں شامل ہے۔"

نبی خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے احرام باندھا:

اگلے دن ظہر کی نماز سے پہلے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے غسل کیا، سر اور بدن میں خوش بو لگائی۔ پھر تہبند باندھا، چادر اوڑھی اور دو رکعت ظہر کی نماز پڑھی۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے مصلے ہی پر حج اور عمرہ دونوں کے لیے ایک ساتھ احرام باندھا (حج اور عمرہ کے لیے اکٹھے احرام باندھنے کو حج قران کہتے ہیں) اور تلبیہ پڑھا۔ پھر مصلے سے اٹھ کر اونٹنی پر سوار ہوئے پھر تلبیہ پڑھا۔

ذی طویٰ میں قیام:

ایک ہفتہ کے سفر کے بعد مکہ مکرمہ کے قریب پہنچے تو "ذی طویٰ" میں رات گزاری اور وہیں فجر پڑھ کر غسل فرمایا۔

بیت اللہ کا طواف:

پھر مسجد حرام میں داخل ہوئے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے بیت اللہ کا طواف فرمایا اور صفا و مروہ کی سعی کی۔

حجون میں قیام:

پھر بالائی مکہ میں "حجون" کے پاس قیام فرمایا اور دوبارہ طواف نہیں کیا، الا احرام برقرار رکھا کیوں کہ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حج اور عمرے کا احرام اکٹھا باندھا تھا اور اس کو وجہ یہ قرار دیا کہ حضور نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ہدی (قربانی کا جانور) ساتھ لائے تھے۔

منیٰ روانگی:

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ 8 ذوالحجہ ترویہ کے دن منیٰ تشریف لے گئے۔ منیٰ میں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ظہر، عصر، مغرب، عشاء اور اگلے دن 9 ذوالحجہ فجر تک کی (پانچ) نمازیں پڑھیں اور چار رکعت والی نماز قصر کر کے دو رکعت پڑھیں۔

وادی نمرہ میں قیام:

www.ilmkidunya.com

سورج طلوع ہونے کے بعد آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ منیٰ سے چل پڑے اور عرفات تشریف لائے وہاں "وادی نمرہ" میں آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے لیے خیمہ لگایا ہوا تھا آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اسی میں استراحت فرما ہوئے۔

خطبہ حجۃ الوداع:

سورج ڈھلا تو آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ قصواء اونٹنی پر سوار ہو کر "وادی عرنہ" میں تشریف لائے۔ لوگ آپ کے گرد جمع تھے، آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ان کے درمیان کھڑے ہو کر خطبہ دیا، اللہ کی حمد و ثنا کی شہادت کے کلمات کہے، اللہ سے ڈرنے کی وصیت کی اور خطبہ ارشاد فرمایا جس میں:

- حقوق اللہ کا تحفظ کے ساتھ ساتھ حقوق العباد کی ادائی کی خصوصی تاکید فرمائی۔
- آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا کہ تم سب آدم کی اولاد ہو اور آدم مٹی سے بنے تھے۔
- کسی عربی کو عجمی پر اور کسی عجمی کو عربی پر کسی کالے کو گورے پر اور کسی گورے کو کالے پر کوئی فضیلت نہیں سوائے تقوی کے۔
- آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ایک دوسرے کی جان، مال اور عزت کے تحفظ پر خاص زور دیا۔
- آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا کہ سن لو جاہلیت کی ہر چیز میرے پاؤں تلے روند دی گئی ہے۔
- آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے زمانہ جاہلیت کی رسومات کے خاتمے کا اعلان فرماتے ہوئے۔ سب سے پہلے اپنے چچا حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سود جو لوگوں کے ذمے تھا اس کی معافی کا اعلان فرمایا
- آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے تاکید فرمائی کہ تم لوگ عورتوں کے بارے میں اللہ سے ڈرو اور ان کے حقوق ادا کرو۔
- آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے معاشرے کے پسماندہ طبقوں اور ماتحتوں کے ساتھ حسن سلوک کی تاکید فرمائی۔
- آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: میں تمھارے درمیان ایسی دو چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں کہ اگر تم انہیں مضبوطی سے پکڑے رکھو تو کبھی گمراہ نہ ہو گے وہ اللہ تعالیٰ کی کتاب اور میری سنت ہے۔

رسالت کا حق ادا کرنے کی گواہی:

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا اور تم سے قیامت میں میرے بارے میں سوال ہو گا تو پھر تم کیا کہو گے؟ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کیا کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ بے شک آپ نے اللہ کا پیغام پہنچایا اور رسالت کا حق ادا کیا ارسالت کی خیر خواہی کی پھر آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ شہادت کی انگلی آسمان کی طرف اٹھاتے لوگوں کی طرف جھکاتے اور فرماتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ، اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ

اے اللہ گواہ رہنا اے اللہ گواہ رہنا"

تکمیل دین:

اسلام کے اصول آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اپنے ان خطبات میں ارشاد فرما دیے اور حاضرین کو دیگر مسلمانوں تک پہنچانے کی تلقین کی۔ وقوف عرفہ کے دوران ہی میں یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی:

اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ط

ترجمہ: آج کے دن میں نے تمھارے لیے تمھارا دین مکمل کر دیا اور تم پر اپنی امت پوری کر دی اور تمھارے لیے اسلام بطور دین پسند کر لیا۔ (سورۃ المائدۃ:3)

سوال2: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کیا فضیلت بیان فرمائی؟

www.ilmkidunya.com

جواب:

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فضیلت

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یمن روانگی:

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ یمن کی اصلاح احوال کے لیے وقتاً فوقتاً صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو بھیجتے رہتے تھے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حجۃ الوداع سے پہلے رمضان المبارک 10 ہجری میں حضرت علی المرتضی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تین سو (300) سواروں کے ساتھ یمن روانہ فرمایا۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ہدایات:

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سر پر دستار باندھی علم عطا فرمایا اور ہدایات دیں کہ:

- قتال میں پہل نہیں کرنی۔
- نماز کا حکم دینا ہے۔
- اگر اطاعت کر لیں تو زکوۃ کا حکم دینا۔
- اور بتانا کہ روزہ ہر سال فرض ہے
- حج زندگی میں صرف ایک مرتبہ فرض ہے۔

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے دُعا:

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے روانگی کے وقت حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے دُعا کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

"یقیناً اللہ تعالیٰ تمھارے دل کو ہدایت دے گا اور تمھاری زبان کو ثابت رکھے گا۔" (سنن ابی داؤد:3582)

چناں چہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ یمن گئے۔ وہاں کے لوگوں کو دعوت دین دی، بہت سے لوگوں نے اسلام کی دعوت قبول کی حتی کہ پورا قبیلہ "ہمدان" دائرہ اسلام میں داخل ہوا۔ جب حضور خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو اس کی اطلاع ملی تو آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ بہت خوش ہوئے۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مکہ مکرمہ آمد:

اس کے بعد حضرت علی المرتضی رضی اللہ تعالیٰ عنہ یمن سے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ مکہ مکرمہ آکر حضور خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے ساتھ ملے اور حج ادا کیا۔

غدیر خُم:

اس موقع پر کچھ لوگوں نے حضرت علی رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ کے بعض انتظامی فیصلوں پر نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے شکوہ کیا۔ چناں چہ سفر حج سے واپسی پر "غدیرِ خُم" جہاں حجاج کرام اپنے اپنے راستوں کی راہ لیتے ہیں، کے مقام پر نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامنے خطبہ ارشاد فرمایا جس میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فضیلت بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

فَمَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ، اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ، وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ۔

ترجمہ: میں جس کا دوست ہوں علی بھی اس کا دوست ہے، اے اللہ تُو اس آدمی کو دوست رکھ جو علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کو دوست رکھتا ہے اور جو اس سے عداوت رکھے تو بھی اس سے عداوت رکھ۔ (مسند احمد:12306)

حاصلِ کلام:

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے محبوب اور مقرب ہیں۔ ان سے محبت کا تعلق رکھنا ایمان کا تقاضا ہے اور ان سے بغض یا کدورت رکھنا ایمان کے منافی ہے۔

مختصر سوالات

www.ilmkidunya.com

سوال1: حجۃ الوداع سے کیا مراد ہے؟

جواب:

حجۃ الوداع

رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اپنے وصال سے قبل جو حج ادا فرمایا اس کو حجۃ الوداع کہتے ہیں۔

سوال2: غدیر خم کے حوالے سے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فضیلت بیان کریں۔

جواب:

غدیر خم

کچھ لوگوں نے حضرت علی رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ کے بعض انتظامی فیصلوں پر نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے شکوہ کیا۔ چناں چہ سفر حج سے واپسی پر "غدیر خم" کے مقام پر نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامنے خطبہ ارشاد فرمایا جس میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فضیلت بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

فَمَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ ، اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ ، وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ ۔

ترجمہ: میں جس کا دوست ہوں علی بھی اس کا دوست ہے، اے اللہ تو اس آدمی کو دوست رکھ جو علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کو دوست رکھتا ہے اور جو اس سے عداوت رکھے تو بھی اس سے عداوت رکھ۔ (مسند احمد:12306)

سوال3: تکمیل دین کے حوالے سے آیت مبارکہ کا ترجمہ لکھیں۔

جواب:

تکمیل دین کے حوالے سے آیتِ مبارکہ

اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ط

ترجمہ: آج کے دن میں نے تمھارے لیے تمھارا دین مکمل کر دیا اور تم پر اپنی امت پوری کر دی اور تمھارے لیے اسلام بطور دین پسند کر لیا۔ (سورۃ المائدۃ:3)

سوال4: خطبہ حجۃ الوداع میں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے انسانی مساوات کے حوالے سے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب: انسانی مساوات کے حوالے سے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا ارشاد

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے انسانی مساوات کے حوالے سے حجۃ الوداع میں ارشاد فرمایا:

"کہ تم سب آدم کی اولاد ہو اور آدم مٹی سے بنے تھے۔ کسی عربی کو عجمی پر اور کسی عجمی کو عربی پر کسی کالے کو گورے پر اور کسی گورے کو کالے پر کوئی فضیلت نہیں سوائے تقوی کے۔"

سوال5: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ہدایت اور رہنمائی کے لیے کن دو چیزوں کو مضبوطی سے پکڑنے کا حکم دیا؟

جواب:

ہدایت اور رہنمائی کا ذریعہ

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا میں تمہارے درمیان ایسی دو چیزیں چھوڑ کے جا رہا ہوں اگر تم انہیں مضبوطی سے پکڑے رکھو تو کبھی گمراہ نہ ہو گے، وہ ہے:

- اللہ کی کتاب (قرآن مجید)
- میری سنت

سوال6: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے کب حج فرمایا؟

جواب: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا حج

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے 26 ذی القعدہ 10 ہجری کو مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے اور 10 ذی الحج اور 10 ہجری کو حج ادا کیا۔

www.ilmkidunya.com

سوال7: آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے زمانہ جاہلیت کی رسومات کے خاتمے کا اعلان کرتے ہوئے کیا فرمایا؟

جواب:

جاہلیت کی رسومات کا خاتمہ

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ایک دوسرے کی جان، مال اور عزت کے تحفظ پر خاص زور دیا۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا کہ سن لو جاہلیت کی ہر چیز میرے پاؤں تلے روند دی گئی ہے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے زمانہ جاہلیت کی رسومات کے خاتمے کا اعلان فرماتے ہوئے سب سے پہلے اپنے چچا حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سود جو لوگوں کے ذمے تھا اس کی معافی کا اعلان فرمایا۔

سوال8: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے عورتوں کے متعلق اور معاشرے کے پسماندہ طبقوں کے متعلق حجۃ الوداع میں کیا ارشاد فرمایا؟

جواب:

عورتوں کے متعلق ارشادِ نبوی

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا تم لوگ عورتوں کے بارے میں اللہ سے ڈرو اور اُن کے حقوق ادا کرو۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے معاشرے کے پسماندہ طبقوں اور ماتحتوں کے ساتھ حسنِ سلوک کی تاکید فرمائی۔

سوال9: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے پوچھا کہ قیامت کے دن میرے بارے میں سوال ہو گا تو تم کیا کہو گے؟

جواب:

رسالت کے حق کی ادائیگی

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا اور تم سے قیامت میں میرے بارے میں سوال ہو گا تو پھر تم کیا کہو گے؟ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کیا کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ بے شک آپ نے اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچا دیا اور رسالت کا حق ادا کیا اور اُمت کی خیر خواہی کی پھر آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے شہادت کی انگلی آسمان کی طرف اُٹھاتے اور لوگوں کی طرف جھکاتے اور فرماتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ، اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ، اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ

اے اللہ گواہ رہنا، اے اللہ گواہ رہنا، اے اللہ گواہ رہنا۔"

سوال10: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کہاں بھیجا؟

جواب:

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یمن روانگی

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ یمن کی اصلاح احوال کے لیے وقتاً فوقتاً صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو بھیجتے رہتے تھے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حجۃ الوداع سے پہلے رمضان المبارک 10 ہجری میں حضرت علی المرتضی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تین سو (300) سواروں کے ساتھ یمن روانہ فرمایا۔

سوال11: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کیا ہدایات دیں؟

جواب:

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی ہدایات

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سر پر دستار باندھی علم عطا فرمایا اور ہدایات دیں کہ:

- قتال میں پہل نہیں کرنی۔
- نماز کا حکم دینا ہے۔

www.ilmkidunya.com

- اگر اطاعت کرلیں تو زکوۃ کا حکم دینا۔
- اور بتایا کہ رمضان ہر سال فرض ہے
- حج زندگی میں صرف ایک مرتبہ فرض ہے۔

سوال12: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کیا دُعا دی؟

جواب: <u>نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دُعا</u>

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے روانگی کے وقت حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے دُعا کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

"یقیناً اللہ تعالیٰ تمھارے دل کو ہدایت دے گا اور تمھاری زبان کو ثابت رکھے گا۔" (سنن ابی داؤد:3582)

سوال13: غدیرِ خُم کی حدیث سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

جواب: <u>غدیرِ خُم کی حدیث سے اخلاقی سبق</u>

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے محبوب اور مقرب ہیں۔ ان سے محبت کا تعلق رکھنا ایمان کا تقاضا ہے اور ان سے بغض یا کدورت رکھنا ایمان کے منافی ہے۔

سوال14: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ذوالحلیفہ پہنچ کر کیا ارشاد فرمایا؟

جواب: <u>نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا ارشاد</u>

نمازِ عصر سے پہلے آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ذوالحلیفہ پہنچ گئے۔ وہاں پہنچ کر آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے دو رکعت عصر کی نماز پڑھی اور رات وہیں گزاری۔ صبح ہوئی تو آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

"آج رات میرے رب کی طرف سے ایک آنے والا آیا اور اُس نے کہا اس "مبارک وادی" میں نماز پڑھو اور کہو عمرہ حج میں شامل ہے۔"

کثیر الانتخابی سوالات

i. **نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حجۃ الوداع فرمایا:**
(A) 8ہجری (B) 9ہجری (C) 10ہجری (D) 11ہجری

ii. **حج اور عمرہ کے لیے احرام باندھنا کہلاتا ہے:**
(A) حج مبرور (B) حج قران (C) حج تمتع (D) حج افراد

iii. **ہُدی سے مراد ہے:**
(A) قربانی کا جانور (B) پالتو جانور (C) حلال جانور (D) طاقت ور جانور

iv. **نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حجۃ الوداع سے واپسی پر کس مقام پر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شان بیان کی؟**
(A) ذوالحلیفہ (B) حدیبیہ (C) غدیر خم (D) منیٰ

v. **خطبہ حجۃ الوداع میں رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے گواہی لی:**
(A) حج ادا کرنے پر (B) قربانی کرنے پر (C) رسالت کا حق ادا کرنے پر (D) نماز ادا کرنے پر

www.ilmkidunya.com

vi. رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اپنے وصال سے قبل جو حج ادا فرمایا اس کو کہتے ہیں:

(A) حجۃ الوداع (B) خطبہ حجۃ الوداع (C) غدیر خُم (D) وقوفِ عرفہ

vii. نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ حج کی ادائیگی کے لیے کس دن مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے؟

(A) جمعۃ المبارک (B) ہفتہ (C) اتوار (D) پیر

viii. نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حج کی ادائیگی کے لیے مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے:

(A) 20ذی القعد (B) 26ذی القعد (C) 28ذی القعد (D) 2ذی الحج

ix. آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا آج رات میرے رب کی طرف سے ایک آنے والا یا اور اس نے کہا اس مبارک وادی میں نماز پڑھو اور کہو عمرہ حج میں شامل ہے یہ کس مبارک وادی کی بات ہے؟

(A) جحون (B) ذی طویٰ (C) ذوالحلیفہ (D) وادی نمبرہ

x. ایک ہفتہ کے سفر کے بعد نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ مکہ مکرمہ کے قریب پہنچیں تو آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے رات گزاری:

(A) جحون (B) ذی طویٰ (C) ذوالحلیفہ (D) وادی نمبرہ

xi. آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ 8ذی الحجہ ترویہ کے دن تشریف لے گئے:

(A) جحون (B) ذی طویٰ (C) ذوالحلیفہ (D) منیٰ

xii. آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی اونٹنی کا نام تھا:

(A) قصواء (B) ہُدیٰ (C) عنقا (D) ابابیل

xiii. آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ قصویٰ اونٹنی پر سوار ہو کر تشریف لائے:

(A) وادی عرنہ (B) ذی طویٰ (C) ذوالحلیفہ (D) وادی نمبرہ

xiv. نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے یمن کی اصلاح احوال کے لیے روانہ فرمایا:

(A) حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو (B) حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو

(C) حضرت زید بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو (D) حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو

xv. آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حضرت علی کو کتنے سواروں کے ساتھ یمن روانہ فرمایا؟

(A) 100سواروں کے ساتھ (B) 200سواروں کے ساتھ (C) 300سواروں کے ساتھ (D) 400سواروں کے ساتھ

xvi. حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دعوتِ دین کے بعد کون سا قبیلہ دائرہ اسلام میں داخل ہوا؟

(A) قبیلہ ہمدان (B) قبیلہ بنو بکر (C) قبیلہ اوس (D) قبیلہ خزرج

www.ilmkidunya.com

xvii. بعض لوگوں کو حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کن فیصلوں پر اعتراض تھا؟

(A) دفاعی فیصلوں پر (B) خارجی فیصلوں پر (C) داخلی فیصلوں پر (D) انتظامی فیصلوں پر

xviii. بِرَایِم نَانَدُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کس ہجری میں یمن روانہ فرمایا؟

(A) 8ہجری (B) 9ہجری (C) 10ہجری (D) 11ہجری

کثیر الانتخابی سوالات کے جوابات

1	2	3	4	5	6	7	8	9
C	B	A	C	C	A	B	B	C
10	11	12	13	14	15	16	17	18
B	D	A	A	B	C	A	D	C

www.ilmkidunya.com

مشقی سوالات

(i) درست جواب کا انتخاب کریں:

1۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حجۃ الوداع فرمایا:
(A) 8ہجری (B) 9ہجری (C) 10ہجری (D) 11ہجری

2۔ حج اور عمرہ کے لیے اکٹھا احرام باندھنا کہلاتا ہے:
(A) حج مبرور (B) حج قران (C) حج تمتع (D) حج افراد

3۔ ہدی سے مراد ہے:
(A) قربانی کا جانور (B) پالتو جانور (C) حلال جانور (D) طاقت ور جانور

4۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حجۃ الوداع سے واپسی پر کس مقام پر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شان بیان کی؟
(A) ذوالحلیفہ (B) حدیبیہ (C) غدیر خم (D) منیٰ

5۔ خطبہ حجۃ الوداع میں رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے گواہی لی:
(A) حج ادا کرنے پر (B) قربانی کرنے پر (C) رسالت کا حق ادا کرنے پر (D) نماز ادا کرنے پر

مشقی کثیر الانتخابی سوالات کے جوابات

5	4	3	2	1
C	C	A	B	C

(ii) مختصر جواب دیں:

1۔ حجۃ الوداع سے کیا مراد ہے؟

جواب:

حجۃ الوداع

رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اپنے وصال سے قبل جو حج ادا فرمایا اس کو حجۃ الوداع کہتے ہیں۔

2۔ غدیر خم کے حوالے سے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فضیلت بیان کریں۔

جواب:

غدیر خُم

کچھ لوگوں نے حضرت علی رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ کے بعض انتظامی فیصلوں پر نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے شکوہ کیا۔ چناں چہ سفر حج سے واپسی پر "غدیر خُم" جہاں حجاج کرام اپنے اپنے علاقوں کی راہ لیتے ہیں۔ اس مقام پر نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامنے خطبہ ارشاد فرمایا جس میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فضیلت بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

فَمَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ، اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ، وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ۔

ترجمہ: میں جس کا دوست ہوں علی بھی اس کا دوست ہے۔ اے اللہ! تو اس آدمی کو دوست رکھ جو علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کو دوست رکھتا ہے اور جو اس سے عداوت رکھے تو بھی اس سے عداوت رکھ۔ (مسند احمد:12306)

3۔ تکمیل دین کے حوالے سے آیت مبارکہ کا ترجمہ لکھیں۔

جواب:

تکمیل دین کے حوالے سے آیتِ مبارکہ

اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ط

ترجمہ: آج کے دن میں نے تمھارے لیے تمھارا دین مکمل کر دیا اور تم پر اپنی امت پوری کر دی اور تمھارے لیے اسلام بطور دین پسند کر لیا۔

(سورۃ المائدۃ:3)

4۔ **خطبہ حجۃ الوداع میں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے انسانی مساوات کے حوالے سے کیا ارشاد فرمایا؟**

جواب: انسانی مساوات کے حوالے سے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا ارشاد

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے انسانی مساوات کے حوالے سے حجۃ الوداع میں ارشاد فرمایا:

"کہ تم سب آدم کی اولاد ہو اور آدم مٹی سے بنے تھے۔ کسی عربی کو عجمی پر اور کسی عجمی کو عربی پر کسی کالے کو گورے پر اور کسی گورے کو کالے پر کوئی فضیلت نہیں سوائے تقویٰ کے۔"

5۔ **نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ہدایت اور رہنمائی کے لیے کن دو چیزوں کو مضبوطی سے پکڑنے کا حکم دیا؟**

جواب: **ہدایت اور رہنمائی کا ذریعہ**

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا میں تمہارے درمیان ایسی دو چیزیں چھوڑ کے جا رہا ہوں اگر تم انہیں مضبوطی سے پکڑے رکھو تو کبھی گمراہ نہ ہو گے۔ وہ ہے:

- اللہ کی کتاب (قرآن مجید)
- میری سنت

(i) تفصیلی جواب دیں:

1۔ **خطبہ حجۃ الوداع پر جامع نوٹ لکھیں۔**

جواب: دیکھئے تفصیلی سوال نمبر 1

سرگرمیاں برائے طلبہ:

سوال 1: طلبہ چارٹ تیار کریں جس میں حجۃ الوداع کے سفر کے واقعہ کو نقشے کی صورت میں واضح کریں۔

جواب: **حجۃ الوداع کا سفر**

اللہ تعالیٰ نے دین اسلام کی تکمیل کے لیے اپنے محبوب پیغمبر خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو جتنا وقت عنایت فرمایا تھا وہ اب مکمل ہونے کو تھا، اعلان نبوت کے 23 سال بیت چکے تھے، حج کا مہینہ بالکل قریب آن پہنچا تھا۔ رسول اکرم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اپنے 23 سالہ دور رسالت کی ہمہ جہت تعلیمات کا خلاصہ پیش فرمانا چاہ رہے تھے، چنانچہ دین کی جامع ترین عبادت حج کا ارادہ کیا، اطرافِ مکہ میں آپ کی آمد کی اطلاع پہنچی، تمام قبیلوں کے سردار اور نمائندگان اپنے اپنے قبائل کے افراد کے ہمراہ اس عظیم اجتماع میں جمع ہونا شروع ہو گئے، مسلمانانِ عرب کے بڑے بڑے قافلے جوق در جوق مکۃ المکرمہ جانے لگے۔

میقات پر احرام:

26 ذوالقعدہ 10 ہجری اتوار کے دن آخَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے غسل فرما کر احرام کی چادر اور تہبند باندھا، نماز ظہر کی ادائیگی کے بعد مدینہ سے مکہ کی طرف سفر شروع فرمایا۔ ازواج مطہرات بھی آپ کے ہمراہ تھیں۔ مدینہ سے چھ میل کے فاصلے پر ذوالحلیفہ جو مدینہ منورہ کی میقات ہے وہاں پہنچ کر شب بھر قیام فرمایا۔ اس کے بعد دو نفل ادا فرمائے، احرام کی نیت فرمائی اور قصویٰ اونٹنی پر سوار ہو کر بلند آواز میں تلبیہ پڑھی: لبیک اللھم لبیک لبیک لا شریک لک لبیک ان الحمد و النعمۃ لک و الملک لا شریک لک :"اے اللہ ہم تیرے سامنے حاضر ہیں، اے اللہ تیرا کوئی شریک نہیں ہم حاضر ہیں، تعریف اور نعمت سب تیری ہی ہے اور سلطنت میں تیرا کوئی شریک نہیں۔"

بیت اللہ کی زیارت اور طواف:

سفر جاری رہا، مکہ مکرمہ کے قریب وادی فاطمہ میں پہنچ کر غسل فرمایا۔ تقریباً آٹھ دن کا سفر طے کرنے کے بعد 4 ذی الحج 10 ہجری کو آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سوا لاکھ صحابہ کرام کی کثیر تعداد کے جلو میں مکۃ المکرمہ

www.ilmkidunya.com

داخل ہوئے۔ بیت اللہ پر نگاہ پڑی تو فرمایا "اے اللہ اس گھر کی عزت و شرف کو مزید دوبالا فرما" پھر بیت اللہ کا طواف ادا کیا، پہلے تین چکروں میں رمل (خوب کندھا ہلا کر اکڑ کر چلنے کو کہتے ہیں) کے ساتھ اور باقی چار چکر عام چال سے پورے فرمائے۔ طواف سے فارغ ہو کر آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ مقام ابراہیم پر تشریف لائے۔ اس مقام پر دو نفل ادا کیے۔ اس کے بعد صفا مروہ پر سعی کے لیے تشریف لے گئے۔ سات چکر ادا کرنے کے بعد اعلان فرمایا: جن کے پاس قربانی کے جانور ہیں وہ احرام نہ کھولیں اور باقی لوگ حجامت بنوا کر احرام کھول دیں۔ اس موقع پر حضرت علی رضی اللہ عنہ جنہیں آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے یمن سے قربانی کے اونٹ لانے کے لیے بھیجا تھا، ایک سو اونٹ اور یمن کے حجاج کا قافلہ لے کر تشریف لائے۔

میدان عرفات میں:

جمعرات 8 ذی الحجہ صبح سورج طلوع ہونے کے بعد آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ منیٰ تشریف لے گئے جہاں ظہر، عصر، مغرب، عشاء اور نو ذی الحج کی فجر کی نماز ادا فرمائی۔ جمعہ کے دن 9 ذی الحجہ منیٰ سے عرفات کو روانہ ہوئے۔ نمرہ (ایک کمبل کا ایک خیمہ نصب کیا گیا وہاں قیام فرمایا، زوال کے وقت اونٹنی قصویٰ پر سوار ہو کر میدان عرفات میں تشریف لائے اور اونٹنی پر ہی خطبہ ارشاد فرمایا۔ یہ خطبہ اسلام کے دعوتی اسلوب، نظریاتی افکار، اخلاقی تعلیمات، انسانی حقوق اور معاشرتی نظام کے لئے جامع دستور العمل کی حیثیت رکھتا ہے۔

اذان، نماز اور دعا:

خطبہ سے فارغ ہو کر حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اذان کا حکم دیا۔ پھر ظہر اور عصر کی نماز ایک ساتھ ادا فرمائی۔ پھر موقف میں تشریف لائے اور دیر تک قبلہ رو کھڑے ہو کر دعا میں مصروف رہے۔ جب سورج ڈوبنے لگا تو چلنے کی تیاری فرمائی۔ اسامہ بن زید کو اونٹ پر پیچھے بٹھالیا۔ مزدلفہ پہنچ کر مغرب اور عشاء کی نماز ادا فرمائی۔ رات آرام فرمانے کے بعد صبح نماز پڑھ کر سورج طلوع ہونے سے پہلے منیٰ واپس تشریف لائے اس وقت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ اونٹنی پر پیچھے بیٹھے تھے۔ وادی محسر میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو حکم دیا کہ مجھے کنکریاں چن دیں۔ جمرۂ عقبیٰ کی رمی سے فارغ ہو کر میدان منیٰ تشریف لائے، سیدنا بلال رضی اللہ عنہ آپ کی اونٹنی کی مہار پکڑے ہوئے تھے۔

100 اونٹوں کی قربانی:

آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے سو اونٹوں کی قربانی کی۔ 63 اونٹوں آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اپنے دست مبارک سے نحر (اونٹ کے ذبح کا مخصوص طریقہ) کیے جبکہ 37 سیدنا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔ قربانی سے فارغ ہو کر معمر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سر مبارک منڈوایا۔

تبرکات مقدسہ کی تقسیم:

آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کی بیوی ام سلیم کو اپنے دست مبارک سے کچھ بال عنایت فرمائے اور باقی ماندہ بال ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے ہاتھ سے تمام مسلمانوں میں ایک ایک دو دو کر کے تقسیم کر دیے۔

طواف افاضہ اور واپسی محصب:

اس کے بعد آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے طواف کیا۔ چاہ زمزم پر تشریف لائے۔ سیدنا عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ڈول میں اپنی نکال کر پیش کیا۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے قبلہ رو ہو کر نوش فرمایا اور منیٰ واپس تشریف لے جا کر نماز ظہر ادا فرمائی۔ 13 ذی الحجہ تک منیٰ میں قیام فرمایا۔ زوال کے بعد منیٰ سے چل کر وادی محصب (معابدہ) میں قیام کیا۔ رات وہاں بسر فرمائی اور سحری کے وقت مکہ تشریف لائے۔ بیت اللہ شریف کا الوداعی طواف کیا اور نماز فجر کی ادائیگی کے بعد واپس مدینہ طیبہ کے لیے سفر شروع فرمایا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی تعلیمات پر عمل کی توفیق نصیب فرمائے۔

سوال 2: کمرا جماعت میں خطبہ حجۃ الوداع کی تعلیمات پر مذاکرہ کریں۔

جواب: اس کام کے بارے میں اساتذہ کرام کمرۂ جماعت میں طلبہ کی راہنمائی فرماتے ہوئے انہیں آگاہ کریں اور اُن کی حوصلہ افزائی فرمائیں۔

برائے اساتذہ کرام:

سوال 1: اہل بیت کے مقام و مرتبہ سے طلبہ کو آگاہ کریں۔

جواب: <u>اہل بیت کا مقام و مرتبہ</u>

www.ilmkidunya.com

اہلِ بیت کا مطلب گھر والے اور اہلِ بیت سے مراد حضور نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی ازواجِ مطہرات اور اولادِ پاک ہے جن کی سیرت اپنانے کے ساتھ ساتھ ان سے محبت اور ادب کا تعلق رکھنا بھی ضروری ہے۔ امام طبرانی روایت کرتے ہیں کہ جب یہ آیہ مبارکہ نازل ہوئی کہ (''اے پیغمبر کہہ دیں کہ میں تم سے اس تبلیغ رسالت پر کوئی اجرت نہیں مانگتا مگر اپنی قرابت سے محبت چاہتا ہوں'') تو صحابہ کرام نے عرض کی 'قالوا یا رسول اللہ من قرابتک بولاء الذین وَجَبَتْ علینا مودۃ'' آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے قرابت دار کون ہیں جن کی محبت ہم پر واجب ہے۔ نبی اکرم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا عَلِیٌّ وفاطمۃ وَابْنَاہُمَا۔ فرمایا: علی المرتضی، حضرت فاطمۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ان کے دونوں صاحبزادے حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ میرے قرابت دار ہیں۔ لہٰذا حضور خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اپنی محبت کے ساتھ ساتھ اِن چار ہستیوں کی محبت کو بھی واجب قرار دیا ہے اور اِن کو پنجتن پاک کہا جاتا ہے۔ اہلِ بیت کی محبت ہی حضور خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی محبت ہے اور آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی محبت ہی اللہ کی محبت ہے۔ ایک مقام پر آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے محبت اہل بیت کو نوح علیہ السلام کی کشتی کی مانند قرار دیا اور فرمایا جو اس پر سوار ہوا وہ نجات پا گیا۔ حاصل کلام یہ ہے کہ اہل بیت کی محبت و سیرت دوزخ سے نجات کا ذریعہ، جنت اور رضائے الٰہی کا حصول بھی ہے۔ جب کفار سے مباہلہ کرنے کے لیے جاتا تھا تو یہی حضرات آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے ساتھ تھے اور انہی حضرات کو چادر میں لے کر فرمایا تھا اے اللہ یہ میرے اہل بیت ہیں۔

www.ilmkidunya.com

یہاں سے کاٹیں

سیلف ٹیسٹ

وقت:40منٹ کل نمبر:25

سوال1: ہر سوال کے لیے چار ممکنہ جوابات (A)، (B)، (C) اور (D) دیے گئے ہیں درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔ (8×1=8)

(i) نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حجۃ الوداع فرمایا:

(A) 8ہجری (B) 9ہجری (C) 10ہجری (D) 11ہجری

(ii) حج اور عمرہ کے لیے اکٹھا احرام باندھنا کہلاتا ہے:

(A) حج مبرور (B) حج قران (C) حج تمتع (D) حج افراد

(iii) ہُدی سے مراد ہے:

(A) قربانی کا جانور (B) پالتو جانور (C) حلال جانور (D) طاقت ور جانور

(iv) خطبہ حجۃ الوداع میں رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے گواہی لی:

(A) حج ادا کرنے پر (B) قربانی کرنے پر (C) رسالت کا حق ادا کرنے پر (D) نماز ادا کرنے پر

(v) رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اپنے وصال سے قبل جو حج ادا فرمایا اس کو کہتے ہیں:

(A) حجۃ الوداع (B) خطبہ حجۃ الوداع (C) غدیر خُم (D) وقوفِ عرفہ

(vi) نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ حج کی ادائیگی کے لیے کس دن مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے؟

(A) جمعۃ المبارک (B) ہفتہ (C) اتوار (D) پیر

(vii) نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ حج کی ادائیگی کے لیے مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے:

(A) 20ذی القعد (B) 26ذی القعد (C) 28ذی القعد (D) 2ذی الحج

(viii) نبی خَاتَمُ النَّبِيِّنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ 8ذی الحجہ ترویہ کے دن تشریف لے گئے:

(A) جحون (B) ذی طویٰ (C) ذوالحلیفہ (D) منیٰ

سوال2: درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیں۔ (6×2=12)

(i) غدیر خم کے حوالے سے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فضیلت بیان کریں۔

(ii) تکمیل دین کے حوالے سے آیت مبارکہ کا ترجمہ لکھیں۔

(iii) خطبہ حجۃ الوداع میں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے انسانی مساوات کے حوالے سے کیا ارشاد فرمایا؟

www.ilmkidunya.com

(iv) نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ہدایت اور رہنمائی کے لیے کن دو چیزوں کو مضبوطی سے پکڑنے کا حکم دیا؟

(v) نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے کب حج فرمایا؟

(vi) آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے زمانہ جاہلیت کی رسومات کے خاتمے کا اعلان کرتے ہوئے کیا فرمایا؟

سوال 3: درج ذیل سوال کا تفصیلاً جواب لکھیں۔ (5×1=5)

حجۃ الوداع پر جامع نوٹ لکھیں۔

وصال نبوی خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

﴿تفصیلی سوالات﴾

سوال 1: وصال نبوی خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ پر نوٹ تحریر کریں۔

جواب: **وصال نبوی خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ**

حضور خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی ناسازی طبیعت:

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے دس ہجری کو فریضہ حج ادا فرمایا۔ ماہِ صفر کے آخری ایام میں بقیع الغرقد سے واپس پر آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی طبیعت ناساز ہوگئی۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ بیماری کے ایام میں ازواجِ مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنھن کے گھروں میں آتے جاتے رہے۔ سیدنا میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے گھر آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی تکلیف بہت بڑھ گئی۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنھن کی اجازت سے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے گھر مستقل طور پر منتقل ہوگئے۔ (صحیح بخاری:4450)

مرض کی شدت:

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی وفات سے چار دن قبل آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے مغرب کی نماز پڑھائی، لیکن عشاء کے وقت مرض شدت اختیار کر گیا تو آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نماز کی امامت کے لیے مسجد تشریف نہ لا سکے۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حکم دیا کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہو کہ نماز پڑھائیں۔ چناں چہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے امامت کے فرائض ادا کیے۔ ان کے بعد وصال سے ایک یا دو دن قبل ایک مرتبہ رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ گھر سے باہر تشریف لائے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سہارا لیے ہوئے تھے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے نماز پڑھی اور نماز کے بعد صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو کچھ نصیحتیں فرمائیں۔

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا ورثہ:

وصال سے ایک دن قبل آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اپنے غلام آزاد فرما دیے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے پاس چند دینار تھے وہ صدقہ فرما دیے اور فرمایا میرا ورثہ دینار کی شکل میں تقسیم نہیں ہوگا۔ میں نے اپنی بیویوں کے خرچہ اور اپنے عاملوں کی اُجرت کے بعد جو کچھ چھوڑا ہے وہ سب صدقہ ہے۔ (صحیح بخاری:6729)

مسلمانوں کو ہبہ:

www.ilmkidunya.com

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے جنگی ساز و سامان وغیرہ مسلمانوں کو ہبہ فرمایا۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے بعد خلفا انھیں بطور تبرک استعمال کرتے رہے اور یہ چیزیں ایک سے دوسرے تک منتقل ہوتی گئیں۔

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی امامت:

وصال کے دن صبح کی نماز کے وقت آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اچانک حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حجرہ سے پردہ اٹھایا، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو نماز پڑھتے دیکھا تو خوش ہو کر مسکرائے۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ امامت کروا رہے تھے۔ وہ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو مصلے پر جگہ دینے کے لیے دورانِ نماز ہی میں پیچھے ہٹنے لگے تو آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے دست مبارک سے اشارہ فرمایا کہ نماز جاری رکھو پھر پردہ گرا دیا۔ (صحیح بخاری: 4148)

حضرت فاطمۃ الزاہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ملاقات:

فجر کی نماز کے بعد اپنی لختِ جگر حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو بلوایا اور پھر کان میں دو مرتبہ کچھ فرمایا، ایک دفعہ تو آپ رونے لگیں اور دوسری دفعہ مسکرانے لگیں، بعد میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے پوچھا گیا تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: کہ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے پہلی دفعہ فرمایا تھا کہ اس بیماری میں میرا وصال ہونے لگا ہے تو میں رونے لگی پھر آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا مت روئیں، میرے اہل بیت میں تم ہی سب سے پہلے مجھے ملو گی، اس پر میں مسکرانے لگی۔ (صحیح بخاری: 4434)۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا تاسف بھرے لہجے میں کہنے لگیں: "ہائے! میرے بابا کی تکلیفیں"۔ آپ کا خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اس پر ان سے ارشاد فرمایا: آج کے بعد تمھارے بابا کو کوئی تکلیف نہ ہو گی۔

موت کی سختیاں:

جناب رسول خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے سامنے لکڑی یا پتھر کا پانی سے بھرا ایک برتن تھا آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ بار بار اپنا دستِ مُبارک پانی میں ڈالتے اور چہرے پر ملتے اور فرماتے۔ لا الہ الا اللہ بلاشبہ موت کی بڑی سختیاں ہیں۔ (صحیح بخاری: 4449)

حضرت اُسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے دُعا:

اُسی دن حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ حاضر خدمت ہوئے آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ان کے لیے اشارے سے دعا فرمائی۔

انصار کے ساتھ حسنِ سلوک کی وصیت:

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اپنی بیماری کے ان ایام میں متعدد بار صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مخاطب ہوئے اور انھیں مختلف وصیتیں فرمائیں انصار کے ساتھ حسنِ سلوک کی وصیت فرمائی اور فرمایا کہ وہ میرے لب و جگر ہیں۔ انہوں نے اپنی ذمہ داری پوری کی اور ان کے حقوق رہ گئے ہیں۔

آخرت کو چننا:

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اپنی وفات سے قبل ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ نے اپنے ایک بندے کو دنیا اور اس کی رونقیں دکھائی ہیں۔ لیکن اس نے اپنے لیے آخرت کو پسند کیا ہے" حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب یہ بات سنی تو سمجھ گئے کہ وہ بندے خود رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ہیں، یہ سن کر حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ رونے لگے۔ لوگوں نے حیران و پریشان کی طرف دیکھا، کیوں کہ لوگ اس جملے کی گہرائی کو نہ سمجھ سکے تھے۔

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی وصیتیں:

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے وفات سے چند لمحے قبل سیدنا حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور سیدنا حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بلا کر چوما اور ان کے ساتھ حسن سلوک کی وصیت فرمائی پھر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم کو اپنی حفاظت اور زیر دست افراد سے حسن سلوک کی وصیت فرمائی۔

آخری لمحات کا آغاز:

جب آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے آخری لمحات کا آغاز ہوا تو اس وقت سر مبارک سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کی گود میں تھا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کے بھائی حضرت عبدالرحمن ابن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہاتھ میں مسواک لیے حاضر ہوئے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا نے مسواک کو نرم کیا۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے مسواک فرمائی۔

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے آخری الفاظ:

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے مسواک فرمائی اور چھت کی طرف دیکھ کر انگلی کھڑی کی تو آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے آخری الفاظ تھے:

اللَّهُم بالرَّفِيقِ الأعلى"

ترجمہ: اے اللہ مجھے بلند مرتبہ رفیق سے ملادے۔

یہ الفاظ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے تین مرتبہ دہرائے اور آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا ہاتھ مبارک جھک گیا۔ جس وقت آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اس دنیا سے تشریف لے گئے تو چاشت کا وقت تھا۔

تجہیز و تکفین کا مرحلہ:

رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی تجہیز و تکفین کا مرحلہ آیا تو آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی وصیت کے مطابق غسل کے لیے مدینہ منورہ کے سات کنوؤں سے پانی لایا گیا اور بیری کے پتے ڈال کر پانی گرم کیا گیا۔ حضرت علی، حضرت عباس، حضرت فضل بن عباس، حضرت قثم بن عباس، حضرت اُسامہ بن زید اور آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے غلام حضرت شقران رضی اللہ تعالیٰ عنھم نے آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو غسل دیا۔

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا جنازہ:

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا جنازہ باقاعدہ جماعت کی شکل میں ادا نہیں کیا گیا، بلکہ لوگ گروہ در گروہ حاضر ہوتے رہے اور اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ پر درود و سلام اور دُعا کرتے رہے۔ جب اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم بارگاہ رسالت میں ہدیہ درود و سلام پیش کر چکے۔

لحد میں اُتارنے کا شرف:

حضرت ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لحد والی (بغلی قبر) تیار کی۔ لحد میں اتارنے کا شرف حضرت علی، حضرت عباس، حضرت قثم بن عباس اور حضرت فضل بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حاصل ہوا۔ تدفین کے بعد حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی اکرم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی قبر مبارک پر سرہانے کی طرف سے پانی چھڑکا۔

حرفِ آخر:

www.ilmkidunya.com

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حجرے کو آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا مدفن بنے کا شرف حاصل ہوا۔ اہلِ مدینہ کے لیے رسول کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا مدینہ نور آمد سے زیادہ خوش گوار دن کوئی نہ تھا اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے لیے رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی رحلت سے زیادہ تکلیف دہ خبر کوئی نہ تھی۔ وصالِ نبوی خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے حضرت جبریل علیہ السّلام کے وحی لانے کا سلسلہ ہمیشہ کے لیے منقطع ہو گیا۔

مختصر سوالات

سوال1: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے آخری لمحات میں کیا وصیت فرمائی؟

جواب: **نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی وصیت**

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے وفات سے چند لمحے قبل سیدنا حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور سیدنا حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بلا کر چوما اور ان کے ساتھ حسن سلوک کی وصیت فرمائی پھر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم کو نماز کی حفاظت اور زیر دست افراد سے حسنِ سلوک کی وصیت فرمائی۔

سوال2: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی لحد مبارک کس نے تیار کی؟

جواب: **لحد مبارک کی تیاری**

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی لحد مبارک حضرت ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تیار کی۔

سوال3: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو کس نے قبر مبارک میں اتارا؟

جواب: **نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو قبر مبارک میں اُتارا**

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو درج ذیل صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے قبر مبارک میں اُتارا:

- حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ
- حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ
- حضرت قثم بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ
- حضرت فضل بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سوال4: صحابہ کرام رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ نے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی نماز جنازہ کس طرح ادا کی؟

جواب: **نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی نماز جنازہ**

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا جنازہ باقاعدہ جماعت کی شکل میں ادا نہیں کیا گیا، بلکہ لوگ گروہ در گروہ حاضر ہوتے رہے اور اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا، نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ پر درود سلام اور دُعا کرتے رہے۔ جب اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم بارگاہ رسالت میں ہدیہ درود و سلام پیش کیا۔

www.ilmkidunya.com

سوال5: وصال کے وقت نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی زبان پر کون سے کلمات تھے؟

جواب:

آخری کلمات

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے مسواک فرمائی اور چھت کی طرف دیکھ کر انگلی کھڑی کی تو آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے آخری الفاظ تھے:

اَللّٰهُمَّ بِالرَّفِيقِ الْأَعْلٰى

ترجمہ: اے اللہ مجھے بلند مرتبہ رفیق سے ملادے۔

یہ الفاظ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے تین مرتبہ دہرائے اور آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا ہاتھ مبارک جھک گیا۔ جس وقت آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اس دنیا سے تشریف لے گئے تو چاشت کا وقت تھا۔

سوال6: وصال سے قبل نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ فاطمۃ الزاہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کیا فرمایا؟

جواب:

حضرت فاطمۃ الزاہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ملاقات

فجر کی نماز کے بعد اپنی لختِ جگر حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو بلوایا اور پھر کان میں دو مرتبہ کچھ فرمایا، ایک دفعہ تو آپ رونے لگیں اور دوسری دفعہ مسکرانے لگیں، بعد میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے پوچھا گیا تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: کہ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے پہلی دفعہ فرمایا تھا کہ اس بیماری میں میرا وصال ہونے لگا ہے تو میں رونے لگی پھر آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا مت روئیں، میرے اہل بیت میں تم ہی سب سے پہلے مجھے ملو گی، اس پر میں مسکرانے لگی۔ (صحیح بخاری:4434)

حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا تاسف بھرے لہجے میں کہنے لگیں: "ہائے! میرے بابا کی تکلیفیں"۔ آپ کا خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اس پر ان سے ارشاد فرمایا: آج کے بعد تمھارے بابا کو کوئی تکلیف نہ ہو گی۔

سوال7: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اپنی وفات سے قبل کیا فرمایا کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ رونے لگے؟

جواب:

آخرت کا چننا

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اپنی وفات سے قبل ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ نے اپنے ایک بندے کو دنیا اور اس کی رونقیں دکھائی ہیں۔ لیکن اس نے اپنے لیے آخرت کو پسند کیا ہے" حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سب باتیں نہ سمجھ سکے کہ وہ بندے خود رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ہیں یہ سن کر حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ رونے لگے۔ لوگوں نے حیران ہو کر ان کی طرف دیکھا، کیوں کہ لوگ اس جملے کی گہرائی کو نہ سمجھ سکے تھے۔

سوال8: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ انصار کے متعلق کیا وصیت فرمائی؟

جواب:

انصار کے متعلق وصیت

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اپنی بیماری کے ان ایام میں متعدد بار صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مخاطب ہوئے اور انھیں مختلف وصیتیں فرمائیں انصار کے ساتھ حسنِ سلوک کی وصیت فرمائی اور فرمایا کہ وہ میرے قلب و جگر ہیں۔ انہوں نے اپنی ذمہ داری پوری کی اور ان کے حقوق رہ گئے ہیں۔

www.ilmkidunya.com

سوال9: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے کس صحابی کے لیے اشارے سے دعا فرمائی؟

جواب:

حضرت اُسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اپنے وصال سے قبل حضرت اُسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے اشارے سے دعا کی۔

سوال10: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے نماز کی امامت تک کسے حکم فرمایا؟

جواب:

نماز کی امامت کا حکم

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی وفات سے پانچ دن قبل آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے مغرب کی نماز پڑھائی، لیکن عشاء کے وقت مرض شدت اختیار کر گیا تو آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نماز کی امامت کے لیے مسجد تشریف نہ لا سکے۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حکم دیا کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہو کہ نماز پڑھائیں۔ چناں چہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے امامت کے فرائض ادا کیے۔

سوال11: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے مسلمانوں کو کیا ہبہ فرمایا؟

جواب:

مسلمانوں کو ہبہ

- خاندانی استحکام تہہ و بالا ہو جاتا ہے۔

(iii) **تفصیلی جواب دیں:**

1۔ **صلہ رحمی کی اہمیت پر جامع نوٹ لکھیں۔**

جواب: دیکھئے تفصیلی سوال نمبر 1

سرگرمیاں برائے طلبہ:

سوال1: طلبہ صلہ رحمی کی مختلف صورتوں پر مذاکرہ کریں۔

جواب: اساتذہ کرام کمرا جماعت میں صلہ رحمی کی مختلف صورتوں پر مذاکرہ کروائیں اور طلبا کی حوصلہ افزائی کریں۔

سوال2: موجودہ دور میں بکھرتے ہوئے خاندانی نظام کے استحکام کے لیے خاندان کے افراد (ماں، باپ، اولاد، بہن اور وغیرہ) کی ذمہ داریوں پر گفتگو کریں۔

جواب: اس حوالے سے اساتذہ کرام کمرۂ جماعت میں طلبہ کی راہنمائی فرماتے ہوئے انہیں آگاہ کریں اور اُن کی حوصلہ افزائی فرمائیں۔

برائے اساتذہ کرام:

سوال1: کتبِ سیرت سے صلہ رحمی کے مزید واقعات سے طلبہ کو آگاہ کریں۔

جواب: سیرتِ رسول خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ اور رشتہ داروں سے حسن سلوک

رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ اپنے رشتہ داروں کے ساتھ خود بھی حسن سلوک کرتے تھے اور دوسروں کے حسنِ سلوک کی تلقین بھی فرمایا کرتے تھے۔ رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے بڑے داماد حضرت ابوالعاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ربیع تھے جو کہ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے خاوند تھے۔ حضور خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی چار بیٹیاں تھیں۔ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور سب سے چھوٹی اور لاڈلی بیٹی حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے خاوند ابو العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ربیع خاصا عرصہ مسلمان نہیں ہوئے اور کافروں کی طرف سے مسلمانوں کے خلاف لڑتے رہے۔ جنگ بدر میں بھی وہ کفارِ مکہ کی طرف سے لڑے اور مسلمان لشکر کے ہاتھوں قید ہوئے، بہت بہادر اور دلیر آدمی تھے۔ ایک موقع پر رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ابو العاص رضی

www.ilmkidunya.com

اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ میری بیٹی کو واپس بھیج دو، حضرت ابوالعاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو حضور خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے پاس بھیج دیا۔ اب حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا مدینہ میں تھیں اور ابوالعاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ مکہ میں تھے۔ اس زمانے میں مسلمانوں اور کافروں کے نکاح ابھی قائم تھے۔ ایک موقع پر ابوالعاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ گرفتار ہو کر بطور مجرم مدینہ منورہ میں حضور خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی قید میں آ گئے، اس دور میں قید خانے نہ ہوتے تھے اس لیے قیدی کو اکثر مسجد نبوی میں ستون کے ساتھ باندھ دیا جاتا تھا۔ حضور خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ مناسب موقع پر اس کے متعلق فیصلہ فرما دیتے کہ اسے فدیہ لے کر چھوڑنا ہے، قتل کرنا ہے یا پھر غلام بنانا ہے۔ مجرم ایک آدھ دن وہیں بندھا رہتا تھا۔ ابوالعاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھی اسی طرح ستونوں کے ساتھ باندھ دیا گیا کہ وہ دشمن تھے اور جنگی قیدی تھے۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا عام طور پر معمول یہ تھا کہ فجر کی نماز کے بعد مجرم کا فیصلہ کرتے تھے، چنانچہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فجر کی نماز پڑھائی۔ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو کسی طرح پتہ چل گیا کہ میرا خاوند قید ہو کر مسجد نبوی میں ستون کے ساتھ بندھا ہوا ہے۔ ابوداؤد شریف کی روایت ہے کہ فجر کی نماز ہو چکی تھی حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنے حجرے سے نکلیں اور مسجد نبوی کے دروازے کے ساتھ آ کر کھڑی ہو گئیں۔ حضور خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ جونہی نماز پڑھا کر نمازیوں کی طرف منہ کر کے بیٹھے اور ابھی مقدمہ شروع ہونے والا تھا کہ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے دروازے کے اندر جھانک کر کہا "یارسول اللہ قد أجرت ھذا الاسیر" میں نے اس قیدی کو پناہ دے دی ہے۔

اسلام کا ضابطہ یہ ہے کہ قیدی مجرم ہو تو جس طرح فوج کا سپہ سالار کسی دشمن کو پناہ دے سکتا ہے اسی طرح ایک عام شہری بھی پناہ دے سکتا ہے۔ اگر عام شہری بھی کسی کافر کو پناہ دے دے تو اس کی جان بخشی ہو جاتی ہے اور اسے قتل کرنا جائز نہیں رہتا۔ حضور خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ مسکرائے اور فرمایا "قد أجرنا من أجرت" تم نے پناہ دے دی ہے تو ہم نے بھی پناہ دے دی ہے۔ ابوالعاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ربیع آزاد ہو کر سیدھا مکہ گئے اور جا کر کہا کہ لوگو! میں وہیں مدینہ میں مسلمان ہو گیا تھا لیکن میں نے وہاں پر اپنے مسلمان ہونے کا اعلان اس لیے نہیں کیا کہ تم یہ نہ کہو کہ ابوالعاص قید یا قتل سے بچنے کے لیے مسلمان ہو گیا ہے۔ اس لیے یہاں مکہ میں تمہارے سامنے اعلان کر رہا ہوں "اشھد ان لا الٰہ الا اللہ واشھد ان محمد عبدہٗ ورسولہ"۔ یہ اعلان کرنے کے بعد ابوالعاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ جس کا میرے ساتھ کوئی حساب کتاب ہے وہ میرے ساتھ معاملہ کر لے۔ اور میں مدینہ جا رہا ہوں جس کو مجھے روکنا ہے وہ مجھے روک کر دیکھ لے۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ایک دفعہ منبر پر کھڑے ہو کر خطبے کے دوران ابوالعاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تعریف کی، فرمایا وہ بہت اچھا داماد ہے اس نے میرے ساتھ جو بات بھی کی پکی کی جو وعدہ بھی کیا پورا کیا۔ چنانچہ جناب رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ اپنے رشتہ داروں کا لحاظ بھی کرتے تھے اور جہاں تعریف کرنی ہوتی وہاں تعریف بھی کرتے تھے۔

حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ بدر کی لڑائی میں شریک نہیں ہو سکے اس وجہ سے کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نکاح میں جناب نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی دوسری بیٹی حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا تھیں۔ حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سخت بیماری کی حالت میں گھر پر تھیں اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے علاوہ کوئی ان کی تیمارداری کرنے والا نہیں تھا۔ بدر کے معرکے میں جانے لگے تو حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ میں بھی جنگ میں شریک ہونا چاہتا ہوں، حضور خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے انہیں منع کرتے ہوئے فرمایا کہ تم گھر میں رہو اس لیے کہ رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیمار ہے اور کوئی اسے پانی دینے والا بھی نہیں ہے۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اصرار کیا تو حضور خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا کہ جو ثواب وہاں جنگ میں شریک ہونے والوں کو ملے گا تمہیں یہاں گھر میں رہ کر ملے گا۔

جناب نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے سخت ترین جنگی حالات میں بھی اپنی بیٹی کی ضروریات کا خیال کرتے ہوئے اپنے داماد حضرت عثمانؓ کو جنگ میں جانے سے روک دیا۔ چنانچہ اسی بیماری کے دوران حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انتقال ہو گیا۔ اس کے بعد حضور خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اپنی تیسری بیٹی ام کلثوم حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نکاح دے دی، حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بھی بعد میں انتقال ہو گیا۔ اس پر حضور خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ایک ایسا جملہ فرمایا جو کوئی کم ہی اپنے داماد کے متعلق کہتا ہے۔ فرمایا، عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ میری اور کوئی بیٹی تمہارے لیے دستیاب نہیں ہے، اگر میری سو بیٹیاں بھی ہوتیں تو ایک ایک کر کے تمہارے نکاح میں دے دیتا۔ یہ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا اپنے داماد پر بے انتہا اعتماد کا اظہار تھا۔ لہٰذا نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ اپنے رشتہ داروں کے ساتھ صلہ رحمی کا اور عزت و احترام کا معاملہ فرماتے تھے۔

www.ilmkidunya.com

یہاں سے کاٹیں

سیلف ٹیسٹ

وقت: 40 منٹ
کل نمبر:25

سوال1: ہر سوال کے لیے چار ممکنہ جوابات (A)، (B)، (C) اور (D) دیے گئے ہیں درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔ (8×1=8)

(i) عمر اور رزق میں اضافہ و برکت کے لیے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے حکم دیا:

(A) صلہ رحمی کا (B) کفایت شعاری کا (C) صبر و تحمل کا (D) میانہ روی کا

(ii) رشتہ داروں کے ساتھ تعلقات ختم کرنا کہلاتا ہے:

(A) کفایت شعاری (B) میانہ روی (C) صلہ رحمی (D) قطع رحمی

(iii) اسلام کی تعلیمات کے مطابق تعلق توڑنے والے شخص سے:

(A) سختی کرنی چاہیے (B) بحث کرنی چاہیے (C) تعلق جوڑنا چاہیے (D) تعلق توڑنا چاہیے

(iv) قیامت کے دن پوچھا جائے گا:

(A) قطع رحمی کے متعلق (B) صلہ رحمی کے متعلق (C) کفایت شعاری کے متعلق (D) صبر و تحمل کے متعلق

(v) نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا جو مجھ پر ظلم کرے میں اسے کر دوں:

(A) معاف (B) جواب دوں (C) ظلم کروں (D) صبر کروں

(vi) میری خاموشی مبنی ہونی چاہیے:

(A) اطاعت پر (B) فکر پر (C) شکر پر (D) صبر پر

(vii) غصہ میں ہوں یا خوشی میں ہمیشہ بات کہوں:

(A) سچ کی (B) حق کی (C) انصاف کی (D) صلہ رحمی کی

(viii) مخفی اور اعلانیہ ہر حال میں ڈرتے رہنا چاہیے:

(A) لوگوں سے (B) رشتہ داروں سے (C) دنیا سے (D) اللہ سے

سوال2: درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیں۔ (6×2=12)

(i) صلہ رحمی کی کوئی سی دو صورتیں لکھیں۔

(ii) صلہ رحمی کے حوالے سے حضرت ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا واقعہ لکھیں۔

(iii) صلہ رحمی کی فضیلت کے بارے میں حدیث مبارک کا ترجمہ لکھیں۔

(iv) صلہ رحمی کے دو فائدے بیان کریں۔

(v) قطع رحمی کے دو نقصانات تحریر کریں۔

(vi) صلہ رحمی سے کیا مراد ہے؟

سوال3: درج ذیل سوال کا تفصیلاً جواب لکھیں۔ (5×1=5)

www.ilmkidunya.com

صلہ رحمی کی اہمیت پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

خواتین کے ساتھ حُسن سلوک

تفصیلی سوالات

سوال1: سیرتِ طیبہ کی روشنی میں خواتین کے ساتھ حسن سلوک پر جامع نوٹ تحریر کریں۔

جواب:

خواتین کے ساتھ حسن سلوک

خواتین خاندان اور معاشرے کا اہم ترین اور اساسی رکن ہیں۔ مختلف تہذیبوں اور معاشروں میں خواتین کو بہت سے حقوق سے محروم رکھا گیا اور ظلم وستم کا شکار بنایا گیا۔

ارشادِ ربانی:

اسلام نے اپنے پیروکاروں کو خواتین کے حقوق ادا کرنے اور ان سے حسن سلوک کا حکم فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں خواتین کے ساتھ حسن سلوک کا حکم دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:

وَعَاشِرُوْہُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ

ترجمہ: اور ان کے ساتھ حسن سلوک کا برتاؤ کرو۔ (سورۃ النساء:19)

احادیثِ نبوی خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ:

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے فرامین مبارکہ اور سیرت طیبہ سے خواتین کی قدر و منزلت اجاگر ہوتی ہے۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے خواتین کے ساتھ حسن سلوک اور اچھے برتاؤ کی تاکید فرمائی۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

"تم میں سے بہترین وہ لوگ ہیں جو اپنی عورتوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرتے ہیں اور میں تم میں سے اپنے گھر والوں کے ساتھ بہترین برتاؤ کرنے والا ہوں۔"

(جامع ترمذی:3895)

جنت کی بشارت:

ایک حدیث مبارک میں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ایسے شخص کو جنت میں اپنے ساتھ کی بشارت عطا فرمائی جو بیٹیوں کی اچھی پرورش کرتا ہے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اسلام نے فرمایا:

"جس نے دو بیٹیوں کی پرورش کی یہاں تک کہ وہ بالغ ہو گئیں تو آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اپنی انگلیوں کو ملاتے ہوئے فرمایا کہ میں اور وہ قیامت کے دن اس طرح قریب ہوں گے۔" (صحیح مسلم:6695)

جنت کا ذریعہ:

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے بیٹی کی پرورش کو جنت کا سبب قرار دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:

جس کی ایک بیٹی ہو اور وہ اسے زندہ درگور بھی نہ کرے، اس کی توہین بھی نہ کرے، اپنے بیٹے کو اس پر فوقیت بھی نہ دے تو اللہ تعالیٰ اس کے بدلے میں اسے جنت میں داخل کرے گا۔ (سنن ابی داؤد، 5146)

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا حضرت فاطمۃ الزاہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حسنِ سلوک:

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے عورت کو وہ عزت دی کہ قیامت تک کے لیے اس کا مقام و مرتبہ سب پر واضح ہو گیا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ جب حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں حاضر ہوتیں تو ان کی آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ انہیں خوش آمدید کہتے ہوئے کھڑے ہو جاتے، ان کا ہاتھ پکڑتے، ان کی پیشانی کو بوسہ دیتے اور انھیں اپنی جگہ پر بٹھاتے۔ (شعب الایمان:8927)

ماں کی عظمت:

www.ilmkidunya.com

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے جنت ماں کے قدموں میں قرار دی۔ ایک موقع پر آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا:

"اس کی خدمت کو لازم پکڑو کیونکہ جنت اس کے قدموں میں ہے۔" (سنن نسائی:3106)

حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا احترام:

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی رضاعی والدہ حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے پاس آئیں تو آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ان کے احترام میں اپنی چادر بچھائی اور بہت دیر تک ان کے ساتھ گفت گو فرماتے رہے۔

اعمالِ صالحہ کا اجر:

اللہ تعالیٰ نے اعمال صالحہ کی جو صلاحیت مرد کو عطا فرمائی ہے وہ عورتوں کو بھی بخشی ہے۔ البتہ مرد اور عورت کے دائرہ عمل میں تھوڑا فرق ہے۔ مرد اگر میدان میں جا کر جہاد کرتا ہے تو عورت اپنے بیٹوں کی اچھی تربیت کر کے انھیں مجاہد بنا سکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے خواتین کا اجر ان کے مزاج کے مطابق کام میں رکھ دیا ہے۔ عہد نبوت میں خواتین مختلف شعبوں میں مختلف خدمات انجام دیتی تھیں۔

خواتین کی تعلیم کا اہتمام:

ایک مرتبہ خواتین نے حضور اکرم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے عرض کیا کہ مرد آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے زیادہ استفادہ کرنے کی وجہ سے ہم سے سبقت لے گئے ہیں۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ہماری تربیت کے لیے کوئی دن مقرر فرما دیجیے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ان سے ایک دن کا وعدہ فرمایا۔ اس دن آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ خواتین سے ملاقات فرماتے اور انھیں تعلیم دیتے۔

حاصلِ کلام:

اسلامی تعلیمات کی روشنی میں ہم پر یہ بات واضح ہوتی ہے کہ خواتین کا احترام کریں۔ خواتین پر آوازیں کسنے، گھور کر دیکھنے، ان کا مذاق اڑانے، خواتین کے تعلیمی اداروں کے باہر رش لگانے اور راستوں میں بیٹھنے سے اجتناب کریں۔ عوامی مقامات پر مختصر لباس پہننے سے گریز کریں اور ملازم پیشہ خواتین کا احترام کریں کیوں کہ خواتین کے احترام کے بغیر کوئی معاشرہ ترقی کی منازل طے نہیں کر سکتا۔

مختصر سوالات

سوال1: اسلام کی آمد سے پہلے عورتوں کے ساتھ کیسا سلوک کیا جاتا تھا؟

جواب:

اسلام کی آمد سے قبل عورتوں سے سلوک

خواتین خاندان اور معاشرے کا اہم ترین اور اساسی رکن ہیں۔ مختلف تہذیبوں اور معاشروں میں خواتین کو بہت سے حقوق سے محروم رکھا گیا اور ظلم و ستم کا شکار بنایا گیا۔ مثلاً بچیوں کو زندہ دفن کر دینا، وراثت میں حصہ نہ دینا، ونی کر دینا وغیرہ۔

سوال2: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے خواتین کی تربیت کے لیے کیا اقدام کیا؟

جواب:

خواتین کی تربیت

ایک مرتبہ خواتین نے حضور اکرم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے عرض کیا کہ مرد آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے زیادہ استفادہ کرنے کی وجہ سے ہم سے سبقت لے گئے ہیں۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ہماری تربیت کے لیے کوئی دن مقرر فرما دیجیے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ

وَ أَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ان سے ایک دن کا وعدہ فرمایا۔ اس دن آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ خواتین سے ملاقات فرماتے اور انھیں تعلیم دیتے۔

سوال2: حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ان کے ساتھ کس طرح حسن سلوک کرتے تھے؟

جواب:

حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا سے حسن سلوک

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا فرماتی ہیں کہ جب حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں حاضر ہوتیں تو ان کی آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ انہیں خوش آمدید کہتے ہوئے کھڑے ہو جاتے، ان کا ہاتھ پکڑتے، ان کی پیشانی کو بوسہ دیتے اور انھیں اپنی جگہ پر بٹھاتے۔ (شعب الایمان: 8927)

سوال4: دو بیٹیوں کے ساتھ حسن سلوک کرنے والے کے بارے میں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب:

جنت کی بشارت

ایک حدیث مبارک میں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ایسے شخص کو جنت میں اپنے ساتھ کی بشارت عطا فرمائی جو بیٹیوں کی اچھی پرورش کرتا ہے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اسلام نے فرمایا:

"جس نے دو بیٹیوں کی پرورش کی یہاں تک کہ وہ بالغ ہو گئیں تو آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اپنی انگلیوں کو ملاتے ہوئے فرمایا کہ میں اور وہ قیامت کے دن اس طرح قریب ہوں گے۔" (صحیح مسلم: 6695)

سوال5: ہمیں خواتین کے ساتھ کس طرح کا رویہ اختیار کرنا چاہیے؟

جواب:

خواتین کے ساتھ رویہ

اسلامی تعلیمات کی روشنی میں ہم پر یہ بات واضح ہوتی ہے کہ:

- خواتین کا احترام کریں۔
- خواتین پر آوازیں کسنے سے گریز کریں۔
- خواتین کو گھور کر دیکھنے سے اجتناب کریں۔
- خواتین کے راستوں میں بیٹھنے سے اجتناب کریں۔
- ہر محرم خواتین کا احترام کریں۔
- ان کا مذاق نہ اڑائیں۔

سوال6: خواتین کے ساتھ حسن سلوک کے متعلق اللہ تعالیٰ کیا ارشاد فرماتے ہیں؟

جواب:

ارشاد ربانی

اسلام نے اپنے پیروکاروں کو خواتین کے حقوق ادا کرنے اور ان سے حسن سلوک کا حکم فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں خواتین کے ساتھ حسن سلوک کا حکم دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:

وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ

ترجمہ: اور ان کے ساتھ حسن سلوک کا برتاؤ کرو۔ (سورۃ النساء: 19)

سوال7: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ماں کی عظمت کے متعلق کیا ارشاد فرمایا؟

جواب:

ماں کی عظمت

www.ilmkidunya.com

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے جنت ماں کے قدموں میں قرار دی۔ ایک مرتبہ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا:

"ماں کی خدمت کو لازم پکڑو کیونکہ جنت اس کے قدموں میں ہے۔" (سنن نسائی:3106)

سوال8: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا حضرت حلیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حسنِ سلوک بتائیں۔

جواب:

حضرت حلیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حسن سلوک

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی رضاعی والدہ حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے پاس آئیں تو آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ان کے احترام میں اپنی چادر بچھائی اور بہت دیر تک ان کے ساتھ گفت گو فرماتے رہے۔

سوال9: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے جنت کا سبب کسے قرار دیا ہے؟

جواب:

جنت کا سبب

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے بیٹی کی پرورش کو جنت کا سبب قرار دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:

"جس کی ایک بیٹی ہو اور وہ اسے زندہ دفن بھی نہ کرے، اس کی توہین بھی نہ کرے، اپنے بیٹے کو اس پر فوقیت بھی نہ دے تو اللہ تعالیٰ اس کے بدلے میں اسے جنت میں داخل کرے گا۔" (سنن ابی داؤد، 5146)

سوال10: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے بہترین لوگ کن کو قرار دیا ہے؟

جواب:

بہترین لوگ

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے خواتین کے ساتھ حسن سلوک اور اچھے برتاؤ کی تاکید فرمائی۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

"تم میں سے بہترین وہ لوگ ہیں جو اپنی عورتوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرتے ہیں اور میں تم میں سے اپنے گھر والوں کے ساتھ بہترین برتاؤ کرنے والا ہوں۔" (جامع ترمذی:3895)

کثیر الانتخابی سوالات

1۔ جنت کس کے قدموں میں ہے؟

(A) ماں (B) بیٹی (C) بہن (D) بیوی

2۔ کون سا شخص دو انگلیوں کی طرح نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے قریب ہو گا؟

(A) دو بیٹیوں کی اچھی تربیت کرنے والا (B) صدقہ و خیرات کرنے والا

(C) مسلسل روزے رکھنے والا (D) دوسروں کو معاف کرنے والا

3۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ حضرت فاطمہ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے احترام کے لیے:

(A) کھڑے ہو جاتے تھے (B) پھول بچھایا کرتے تھے

www.ilmkidunya.com

(C) اہل خانہ کو کھڑے ہونے کا حکم دیتے تھے　(D) ان کے قدموں میں قالین بچھاتے تھے

4۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے بھلائی کی وصیت فرمائی:

(A) عورتوں کے ساتھ　(B) طلبہ کے ساتھ　(C) تاجروں کے ساتھ　(D) عمال کے ساتھ

5۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حضرت حلیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے استقبال کے لیے:

(A) اپنی چادر ان کے قدموں میں بچھائی　(B) امہات المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہن کو بھیجا

(C) خواتین کا ایک وفد بھیجا　(D) جانور قربان کیے

6۔ رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا تم میں سے بہتر لوگ وہ ہیں جو اچھا برتاؤ کرتے ہیں:

(A) عورتوں کے ساتھ　(B) حکمرانوں کے ساتھ　(C) جانوروں کے ساتھ　(D) مردوں کے ساتھ

7۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے جنت کا سبب قرار دیا:

(A) بیٹے کی پرورش کو　(B) بیٹی کی پرورش کو　(C) غلام کی پرورش کو　(D) لونڈی کی پرورش کی

8۔ جس کی ایک بیٹی ہو وہ اسے زندہ دفن نہ کرے، اس کی توہین نہ کرے بیٹے کو اس پر فوقیت نہ دے اللہ تعالیٰ اس کے بدلے عطا کرے گا:

(A) مال و دولت　(B) عہدہ و منصب　(C) جنت　(D) شہرت

9۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی رضاعی والدہ کا نام ہے:

(A) حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا　(B) حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

(C) حضرت حاجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا　(D) حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

10۔ خواتین اپنے بیٹوں کی اچھی تربیت کر کے انہیں بنا سکتی ہیں:

(A) مجاہد　(B) استاد　(C) معلم　(D) بخیل

11۔ کوئی معاشرہ ترقی کی منازل طے نہیں کر سکتا:

(A) خواتین کے احترام کے بغیر　(B) بچوں کے احترام کے بغیر　(C) تعلیم کے بغیر　(D) مال و دولت کے بغیر

کثیر الانتخابی سوالات کے جوابات

1	2	3	4	5	6
A	A	A	A	A	A
7	8	9	10	11	
B	C	D	A	A	

مشقی سوالات

(i) درست جواب کا انتخاب کریں:

1۔ جنت کس کے قدموں میں ہے؟

(A) ماں　(B) بیٹی　(C) بہن　(D) بیوی

2۔ کون سا شخص دو انگلیوں کی طرح نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے قریب ہو گا؟

(A) دو بیٹیوں کی اچھی تربیت کرنے والا　(B) صدقہ و خیرات کرنے والا

(C) مسلسل روزے رکھنے والا　(D) دوسروں کو معاف کرنے والا

www.ilmkidunya.com

3۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ حضرت فاطمہ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے احترام کے لیے:

(A) کھڑے ہو جاتے تھے (B) پھول بچھایا کرتے تھے
(C) اہل خانہ کو کھڑے ہونے کا حکم دیتے تھے (D) ان کے قدموں میں قالین بچھاتے تھے

4۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے بھلائی کی وصیت فرمائی:

(A) عورتوں کے ساتھ (B) طلبہ کے ساتھ (C) تاجروں کے ساتھ (D) تمام کے ساتھ

5۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حضرت حلیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے استقبال کے لیے:

(A) اپنی چادر ان کے قدموں میں بچھائی (B) امہات المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہن کو بھیجا
(C) خواتین کا ایک وفد بھیجا (D) جانور قربان کیے

﴿مشقی کثیر الانتخابی سوالات کے جوابات﴾

5	4	3	2	1
A	A	A	A	A

(ii) مختصر جواب دیں:

1۔ اسلام کی آمد سے پہلے عورتوں کے ساتھ کیسا سلوک کیا جاتا تھا؟

جواب:

اسلام کی آمد سے قبل عورتوں سے سلوک

خواتین خاندان اور معاشرے کا اہم ترین اور اساسی رکن ہیں۔ مختلف تہذیبوں اور معاشروں میں خواتین کو بہت سے حقوق سے محروم رکھا گیا اور ظلم و ستم کا شکار بنایا گیا۔ مثلاً بچیوں کو زندہ دفن کر دینا، وراثت میں حصہ نہ دینا، ونی کر دینا وغیرہ۔

2۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے خواتین کی تربیت کے لیے کیا اقدام کیا؟

جواب:

خواتین کی تربیت

ایک مرتبہ خواتین نے حضور اکرم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے عرض کیا کہ مرد آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے زیادہ استفادہ کرنے کی وجہ سے ہم سے سبقت لے گئے ہیں۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ہماری تربیت کے لیے کوئی دن مقرر فرما دیجیے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ان سے ایک دن کا وعدہ فرمایا۔ اس دن آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ خواتین سے ملاقات فرماتے اور انھیں تعلیم دیتے۔

3۔ حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی آمد پر نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ان کے ساتھ کس طرح حسن سلوک کرتے تھے؟

جواب:

حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حسن سلوک

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ جب حضرت فاطمہ الزہرا رضی اللہ عنہا نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں حاضر ہوتیں تو ان کی آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ انہیں خوش آمدید کہتے، کھڑے ہو جاتے، ان کا ہاتھ پکڑتے، ان کی پیشانی کو بوسہ دیتے اور انھیں اپنی جگہ پر بٹھاتے۔ (شعب الایمان:8927)

4۔ دو بیٹیوں کے ساتھ حسن سلوک کرنے والے کے بارے میں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب:

جنت کی بشارت

www.ilmkidunya.com

ایک حدیث مبارک میں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ایسے شخص کو جنت میں اپنے ساتھ کی بشارت عطا فرمائی جو بیٹیوں کی اچھی پرورش کرتا ہے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اسلام نے فرمایا:

جس نے دو بیٹیوں کی پرورش کی یہاں تک کہ وہ بالغ ہو گئیں تو آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اپنی انگلیوں کو ملاتے ہوئے فرمایا کہ میں اور وہ قیامت کے دن اس طرح قریب ہوں گے۔" (صحیح مسلم:6695)

5۔ ہمیں خواتین کے ساتھ کس طرح کا رویہ اختیار کرنا چاہیے؟

جواب: **خواتین کے ساتھ رویہ**

اسلامی تعلیمات کی روشنی میں ہم پر یہ بات واضح ہوتی ہے کہ:

- خواتین کا احترام کریں۔
- خواتین پر آوازیں کسنے سے گریز کریں۔
- خواتین کو گھور کر دیکھنے سے اجتناب کریں۔
- خواتین کے راستوں میں بیٹھنے سے اجتناب کریں۔
- ملازم پیشہ خواتین کا احترام کریں۔
- ان کا مذاق نہ اُڑائیں۔

(iii) تفصیلی جواب دیں:

1۔ سیرت طیبہ کی روشنی میں خواتین کے حسن سلوک پر جامع نوٹ تحریر کریں۔

جواب: دیکھئے تفصیلی سوال نمبر 1

سرگرمیاں برائے طلبہ:

سوال1: خواتین کے احترام، حقوق اور ان کے ساتھ حسن سلوک پر مذاکرہ کریں۔

جواب: اساتذہ کرام کمرا جماعت میں خواتین کے احترام، حقوق اور اُن کے ساتھ حسنِ سلوک پر مذاکرہ کروائیں اور طلبا کی حوصلہ افزائی کریں۔

سوال2: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اسلام میں خواتین کو دیے جانے والے حقوق کی فہرست بنائیں۔

جواب: **اسلام میں خواتین کے حقوق اور فہرست**

اسلام نے عورت کو اعلیٰ مقام دیا ہے، اسلام کی نظر میں انسانی لحاظ سے مرد اور عورت دونوں برابر ہیں۔لہٰذا مرد کے لیے اس کی مردانگی قابلِ فخر نہیں ہے اور نہ عورت کے لیے اس کی نسوانیت باعثِ شرم کی بات ہے۔ہر فرد کی زندگی میں عورت کسی نہ کسی صورت میں ایک موثر کردار ادا کرتی ہے۔ایک متوازن اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد رکھنے میں عورت کی بہت بڑی اہمیت ہے۔ قرآن مجید اور سنتِ رسول میں عورت کے مقام کے بارے میں کئی ایک آیات موجود ہیں۔ عورت خواہ ماں، بہن، بیوی یا بیٹی ہو۔اسلام نے ان میں سے ہر ایک کے حقوق و فرائض کو تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے۔

کسی بھی انسان کے لیے ماں ہی زندگی کا مصدر ہوتی ہے، وہی دنیا میں اس کی آمد اور بقا کا سبب بھی، اسی لیے اس کا شکر ادا کرنا، اس کے ساتھ نیکی سے پیش آنا اور خدمت کرنا عورت کے اہم ترین حقوق میں سے ہے۔ حسن سلوک اور اچھے اخلاق سے پیش آنے کے سلسلے میں ماں کا حق باپ سے زیادہ ہے، کیونکہ بچے کی پیدائش اور تربیت کے سلسلے میں ماں کو زیادہ تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اور اسلام نے ان تمام تکالیف کو سامنے رکھتے ہوئے ماں کو زیادہ حسن سلوک کا مستحق قرار دیا۔ جو اسلام کا عورت پر بہت بڑا احسان ہے۔

اسلام نے بیٹیوں کو زندگی کا حق دیا:

جہالت کے زمانہ میں عرب کے بعض قبائل لڑکیوں کو زندہ دفن کر دیتے تھے۔ قرآن مجید نے اس پر سخت تہدید کی اور اسے زندہ رہنے کا حق دیا اور کہا کہ جو شخص اس کے حق سے روگردانی کرے گا، قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کو اس کا جواب دینا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

"وَإِذَا الْمَوْءُودَةُ سُئِلَتْ بِأَيِّ ذَنْبٍ قُتِلَتْ"

(اور جب لڑکی سے جو زندہ دفنادی گئی ہو پوچھا جائے گا کہ وہ کس گناہ پر ماری گئی) (تکویر:8،9)

"وَكَذَلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيرٍ مِنَ الْمُشْرِكِينَ قَتْلَ أَوْلَادِهِمْ شُرَكَاؤُهُمْ لِيُرْدُوهُمْ وَلِيَلْبِسُوا عَلَيْهِمْ دِينَهُمْ وَلَوْ شَاءَ اللهُ مَا فَعَلُوهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُونَ"

اسی طرح بہت سے مشرکوں کو ان کے شریکوں نے ان کے بچوں کو جان سے مار ڈالنا اچھا کر دکھایا ہے تاکہ انہیں ہلاکت میں ڈال دیں اور ان کے دین کو ان پر خلط ملط کر دیں اور اگر خدا چاہتا تو وہ ایسا نہ کرتے تو ان کو چھوڑ دو کہ وہ جانیں اور ان کا جھوٹ (الانعام/137)

اسلام میں مرد و عورت دونوں انسان ہیں اور وہ دونوں انسانیت کی حیثیت سے اپنی خلقت اور صفات کے لحاظ سے فطرت کا ایک عظیم شاہکار ہیں۔ جو اپنی خوبیوں اور خصوصیات کے اعتبار سے ساری کائنات کی محترم بزرگ ترین ہستی ہے۔

www.ilmkidunya.com

اسلام نے عورتوں کو علم حاصل کرنے کا حق دیا:

انسان کی ترقی کا دارومدار علم پر ہے اور کوئی شخص یا قوم علم کے بغیر نہیں رہ سکتا۔ یہ صرف مردوں یا کسی خاص طبقے کے لیے نہیں ہے بلکہ اسلام نے علم کو فرض قرار دیا اور مرد، عورت دونوں کے لیے اس کے دروازے کھولے اور جو بھی اس راہ میں رکاوٹ و پابندیاں تھیں، سب کو ختم کر دیا۔ اسلام نے لڑکیوں کی تعلیم وتربیت کی طرف خاص توجہ دلائی اور اس کی ترغیب دی، جیسا کہ رسول خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: طلب العلم فریضۃ، ایک دوسری جگہ بروایت بخاری کی روایت ہے کہ رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

"جس نے تین لڑکیوں کی پرورش کی ان کو تعلیم تربیت دی، ان کی شادی کی اور ان کے ساتھ (بعد میں بھی) حسن سلوک کیا تو اس کے لیے جنت ہے۔" اسلام مرد وعورت دونوں کو مخاطب کرتا ہے اور اس نے ہر ایک کو عبادت اور اخلاق وشریعت کا پابند بنایا ہے جو کہ علم کے بغیر ممکن نہیں۔ علم کے بغیر عورت نہ تو اپنے حقوق کی حفاظت کر سکتی ہے اور نہ ہی اپنی ذمہ داریوں کو ادا کر سکتی ہے؛ اس لیے مرد کے ساتھ ساتھ عورتوں کی تعلیم بھی نہایت ضروری ہے۔

اسلام نے عورتوں کو شوہر کا انتخاب کرنے کا حق دیا:

شوہر کے انتخاب کے بارے میں اسلام نے عورت کو آزادی دی۔ لڑکیوں کی مرضی اور ان کی اجازت ہر حالت میں ضروری قرار دی گئی ہے۔ ارشاد نبوی ہے: "شوہر دیدہ عورت کا نکاح اس وقت تک نہ کیا جائے جب تک کہ اس سے مشورہ نہ لیا جائے اور کنواری عورت کا نکاح بھی اس کی اجازت حاصل کیے بغیر نہ کیا جائے۔" (مشکوٰۃ)

اسلام نے عورتوں کو الگ مالیاتی حقوق دیے:

عورت کا نفقہ ہر حالت میں مرد کے ذمہ ہے۔ اگر بیٹی ہے تو باپ کے ذمہ۔ بہن ہے تو بھائی کے ذمہ، بیوی ہے تو شوہر پر اس کا نفقہ واجب کر دیا گیا اور اگر ماں ہے تو اس کے اخراجات اس کے بیٹے کے ذمہ ہے تاکہ ہر حالت میں عورت کی عزت وکرامت محفوظ رہے، ہاں البتہ اگر عورت اپنے شوہر یا اپنی اولاد کو خود اپنی مرضی سے پیسے یا زمین یا اپنی جائیداد دے یا کسی کو ہبہ کرے تو یہ اس کی اپنی مرضی ہے، لیکن اس کا نفقہ اس کے شوہر پر واجب ہے، ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ:

وَعَلَى الْمَوْلُودِ لَهُ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ إِلَّا وُسْعَهَا

اور دودھ پلانے والی ماؤں کا کھانا اور کپڑا دستور کے مطابق باپ کے ذمے ہوگا۔ کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دی جاتی۔ (بقرہ:233)

" لِيُنْفِقْ ذُو سَعَةٍ مِنْ سَعَتِهِ وَمَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهُ فَلْيُنْفِقْ مِمَّا آتَاهُ اللَّهُ لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا مَا آتَاهَا سَيَجْعَلُ اللَّهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُسْرًا"

صاحب وسعت کو اپنی وسعت کے مطابق خرچ کرنا چاہیئے۔ اور جس کے رزق میں تنگی ہو وہ جتنا خدا نے اس کو دیا ہے اس کے موافق خرچ کرے۔ خدا کسی کو تکلیف نہیں دیتا مگر اسی کے مطابق جو اس کو دیا ہے۔ اور خدا عنقریب تنگی کے بعد کشائش بخشے گا (طلاق:7)

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے وصال کے بعد نصف صدی تک امہات المؤمنین نے علمی خدمات سرانجام دیں۔ ان میں سے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا علمی مرتبہ بہت بلند اور وسیع ہے، وہ امتِ مسلمہ کی ماہرانہ عالمہ تھیں علمی میدان میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے علمی، عملی، اجتماعی، معاشرتی، وعظ ونصیحت، اور امت کی تعلیم وتربیت کے لیے بہت کام کیے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اعلیٰ صلاحیتوں کو رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی تربیت نے جلا بخشی۔ اس لئے تمام دینی علوم میں انھوں نے مہارت حاصل کی اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حلقہء علم میں کبار صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم بھی شریک ہوتے تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شاگردوں کی تعداد سینکڑوں میں تھی اور اکابر صحابہ کے طرح حدیث، فقہ، فتاوی، طب، انساب، شاعری، عرب کی تاریخ اور کئی علوم میں مرجع کی حیثیت رکھتی تھیں۔

برائے اساتذہ کرام:

سوال1: طلبہ کو تزکیہ نفس کے لیے بدنظری سے بچنے کی تلقین کریں۔

جواب:

تزکیہ نفس اور بدنظری سے اجتناب

تزکیۂ نفس ایک قرآنی اصطلاح ہے۔ اسلامی شریعت کی اصطلاح میں تزکیہ کا مطلب ہے اپنے نفس کو ان ممنوع معیوب اور مکروہ امور سے پاک صاف رکھنا جنہیں قرآن وسنت میں ممنوع معیوب اور مکروہ کہا گیا ہے۔ گویا نفس کو گناہ اور عیب دار کاموں کی آلودگی سے پاک صاف کر لینا اور اسے قرآن وسنت کی روشنی میں عمدہ ومحبوب اور خوب صورت خیالات وامور سے آراستہ رکھنا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انبیاء کو جن اہم امور کے لیے بھیجا ان میں سے ایک تزکیہ نفس بھی ہے جیسا کہ نبی اکرم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے متعلق ارشاد باری تعالیٰ ہے:

هُوَ الَّذِي بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّينَ رَسُولًا مِنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ"

اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول اکرم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ بروئے زبانی کی اصلاح کے حوالے جو اہم ذمہ داری ڈالی گئی اس کے چار پہلو ہیں۔ تلاوت آیات، تعلیم کتاب، تعلیم حکمت، تزکیہ انسانی۔ قرآن مجید میں یہی مضمون چار مختلف مقامات پر آیا ہے جس میں ترتیب مختلف ہے لیکن ذمہ داریاں یہی دہرائی گئی ہیں۔ ان آیات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ تلاوت آیات اور تعلیم کتاب و حکمت کا منطقی نتیجہ تزکیہ نفس ہی ہے۔

بد نظری اور اس کے دیرپا اور اخروی نقصانات:

اللہ تعالیٰ کے ہم مسلمانوں پر بہت زیادہ احسانات ہیں اگر سوچا جائے تو یہی احسان کتنا بڑا ہے کہ اس نے ہمیں انسان پیدا فرمادیا اگر اللہ تعالیٰ چاہتے تو کوئی جانور بنادیتے پھر اس سے بھی بڑا احسان کہ مسلمان بنادیا ورنہ دنیا میں کثیر تعداد میں کافر موجود ہیں اور پھر اب بڑا احسان یہ فرمایا کہ حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی امت میں پیدا فرمادیا جس کے لئے انبیاء کرام بھی دعائیں کرتے رہے کہ یا اللہ! ہمیں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی امت میں پیدا فرما۔ سو اللہ تعالیٰ شانہ نے ہمیں بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے، ان احسانات کا فطری تقاضا تو یہ ہے کہ انسان ہر وقت اللہ تعالیٰ کے سامنے سربسجود رہے، لیکن بعض مرتبہ یہ ہوتا ہے کہ ہم بجائے اللہ تعالیٰ کی شکر آوری کے ناشکری پر اتر آتے ہیں، کبھی ظاہری اعضا سے تو کبھی باطنی اعضا سے، اللہ تعالیٰ کے حکموں کی کھلم کھلا خلاف ورزی کرتے ہیں، یہ اعضا جو کہ ہمارے پاس اللہ تعالیٰ کی امانت ہیں، اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرکے اس میں خیانت کرنے لگتے ہیں، انہیں اعضا میں سے ایک عضو آنکھ بھی ہے اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ عظیم نعمت عنایت فرمائی ہے اور ساتھ ہی ہمیں یہ بھی بتادیا ہے کہ اس سے کیا دیکھنا ہے اور کیا نہیں دیکھنا یعنی کیا دیکھنے کی اللہ رب العزت کی طرف سے آجازت ہے اور کیا دیکھنے سے اس ذات نے منع فرمایا ہے تو یہ ہمارا فرض بنتا ہے کہ ہمیں جن چیزوں کو دیکھنے سے منع فرمایا گیا ہے ان سے منع ہو جائیں لیکن ہم اکثر و بیشتر ان آنکھوں سے اُن چیزوں کو دیکھتے ہیں جن کو ہمارے خالق و مالک نے دیکھنے سے منع فرمایا ہے، جیسے غیر محرم عورتوں کو اور دیگر محرمات کو دیکھنا خواہ وہ ٹی وی کی سکرین پر ہو یا اور کسی بھی اور طریقہ سے آج نیٹ کی وجہ سے یہ مرض زیادہ عام ہو گیا ہے، جوان تو جوان بوڑھے بھی اس میں مبتلا ہیں۔

آج بے حیائی کا دور دورہ ہے، دنیا گناہوں کے سمندر میں غرق ہے، چاروں طرف فحاشی پھیلی ہوئی ہے، یقیناً اس کے بہت سے اسباب ہیں، مگر اس کا ایک سبب بد نظری اور نظر کی بے احتیاطی بھی ہے، یہ ایک ایسا ہتھیار ہے جس کو شیطان انسان کے ہاتھ میں دے کر پوری طرح مطمئن ہو چکا ہے، اب اسے کبھی کسی طاغوتی منصوبے کو بروئے کار لانے میں زیادہ جدوجہد نہیں کرنی پڑتی، یہ بد نظری خود بخود اس کی آرزوؤں کی خاطر خواہ تکمیل کر دیتی ہے۔ نظر کی حفاظت میں کوتاہی بے شرمی کی بنیاد، فتنہ و فساد کا موثر ذریعہ اور منکرات و معاصی کا سب سے بڑا محرک ہے، تجربہ اور تحقیق سے بآسانی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ آج کم سے کم 70 فیصد جرائم اور فحاشیاں محض اس بنیاد پر دنیا میں وقوع پذیر ہوتی ہیں کہ ان کی باقاعدہ تربیت سینماہالوں، ٹی وی پروگراموں، ویڈیو کیسٹوں اور ایسی پارٹیوں کے ذریعے کی جاتی ہے، جس میں اچھی طرح غیر محرم عورتوں کو دیکھنے اور اختلاط کا موقع فراہم ہوتا ہے، اسی بد نظری کی پاداش میں بلند و بالا ورع و تقویٰ کے میناروں میں دراڑیں پڑ گئیں اور ذرا سی بد احتیاطی نے زندگی بھر کے نیک کاموں پر بد نما داغ لگا دیئے۔

اسلام برائیوں کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کا عزم رکھتا ہے۔ دنیا میں اسلام سے بڑھ کر کوئی مذہب بے حیائیوں پر روک لگانے والا نہیں ہے۔ قرآن و حدیث میں فحاشی کی بنیاد یعنی آنکھ کی بے احتیاطی کو سختی سے قابو میں کرنے کی تلقین کی گئی ہے یہ ایسی بنیاد ہے اگر صرف اس پر ہی قابو پالیا جائے تو ساری بے حیائیاں دنیا سے رخصت ہو سکتی ہیں۔

اللہ رب العزت نے قرآن کریم میں واضح طور پر اپنے حبیب خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو مخاطب فرما کر ساری امت کو حکم دیا ہے:

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ۔ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ اِنَّ اللهَ خَبِيْرٌ بِمَا يَصْنَعُوْنَ O

آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ شانہ جو کہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو مخاطب کرکے فرما رہے ہیں کہ مومن مردوں سے کہہ دو کہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں۔ یہی ان کے لئے پاکیزہ ترین طریقہ ہے، وہ جو کارروائیاں کرتے ہیں اللہ ان سب سے پوری طرح باخبر ہے۔ (سورہ نور)

اس کے بعد اگلی آیت میں عورتوں کو بھی یہی تعلیم دی گئی ہے، بلکہ کچھ دوسری باتوں کی طرف بھی توجہ دلائی گئی ہے، انہیں میں سے اب یہ بھی ہے کہ اپنی سجاوٹ کو کسی پر ظاہر نہ کریں، سوائے اُس کے جو خود ہی ظاہر ہو جائے چنانچہ ارشادِ ربانی ہے:

وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ اَوْ نِسَآئِهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ وَلَا يَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ

لِیُعْلَمَ مَا یُخْفِیْنَ مِنْ زِیْنَتِھِنَّ وَتُوْبُوْٓا اِلَی اللّٰہِ جَمِیْعًا اَیُّہَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ O

اور ایمان والیوں سے کہہ دو کہ اپنی نگاہ نیچی رکھیں اور اپنی عصمت کی حفاظت کریں اور اپنی زینت کو ظاہر نہ کریں مگر جو جگہ اس میں سے کھلی رہتی ہے، اور اپنے دوپٹے اپنے سینوں پر ڈالے رکھیں، اور اپنی زینت ظاہر نہ کریں مگر اپنے خاوندوں پر یا اپنے باپ یا خاوند کے باپ یا اپنے بیٹوں یا خاوند کے بیٹوں یا اپنے بھائیوں یا بھتیجوں یا بھانجوں پر یا اپنی عورتوں پر یا اپنے غلاموں پر یا ان خدمت گاروں پر جنہیں عورت کی حاجت نہیں یا ان لڑکوں پر جو عورتوں کی پردہ کی چیزوں سے واقف نہیں، اور اپنے پاؤں زمین پر زور سے نہ ماریں کہ ان کا مخفی زیور معلوم ہو جائے، اور اے مسلمانو! تم سب اللہ کے سامنے توبہ کرو تاکہ تم نجات پاؤ۔

آج ہماری عورتوں کا کیا حال ہے؟ وہ کسی سے چھپا ہوا نہیں کہ دوسروں پر ظاہر کرنے کے لیے کیسی کیسی سجاوٹیں کرتی ہیں؟ الامان والحفیظ۔

بدنظری کا حاصل یہ ہے کہ کسی غیر محرم پر نگاہ ڈالنا، بالخصوص جبکہ شہوت کے ساتھ نگاہ ڈالی جائے، یا لذت حاصل کرنے کے لیے نگاہ ڈالی جائے خواہ غیر محرم کی تصویر کیوں نہ ہو۔ اور ایسی چیز کو دیکھنا جس سے شریعت نے روکا ہو۔ (اصلاحی خطبات، ج:۵)

بدنظری کی مذمت:

بدنظری کی مذمت قرآن و احادیث میں واقع ہوئی ہے جیسا اوپر بیان کر دیا گیا ہے۔ بیشک بدنظری بہت سے حرام کاموں کو جنم دیتی ہے جو انسان کے لیے مہلک ثابت ہوتے ہیں وہ حرام کام آدمی کو ذلیل کر دیتے ہیں، جو کبھی عزت والا تھا آج وہ کہیں منہ نہیں دکھا سکتا۔ بدنظری کرنے والے شرفاء اور صلحاء کیساتھ بیٹھنے کے قابل نہیں رہتے۔ بدنظری کا زبردست وبال ان پر مسلط ہوتا ہے، بدنظری سے بچ کر آدمی سینکڑوں گناہوں اور آفتوں سے محفوظ رہ سکتا ہے۔ بدنظری دراصل نفسانی خواہشات کی اتباع ہے۔ اور نفسانی خواہشات کی پیروی کرنے والے کو اللہ تعالیٰ نے ان الفاظ سے یاد کیا ہے:

وَاتَّبَعَ ہَوَاہُ فَمَثَلُہٗ کَمَثَلِ الْکَلْبِ ۔

"جس نے اپنی خواہش کی پیروی کی اس کی مثال کتے کی مثال کی طرح ہے۔" (سورۃ اعراف:76)

حضرت ابو محمد حریری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جس پر اسی کا نفس حاوی ہو جائے وہ شہوات کا اسیر ہو جاتا ہے اور خواہشات نفس کی جیل میں قید ہو جاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے دل پر فوائد کے نزول کو حرام کر دیتے ہیں اس طرح وہ اللہ تعالیٰ کے کلام سے نہ لذت پا سکتا ہے نہ اس پر عمل کر سکتا ہے اگرچہ اس کا مذاکرہ اس کی زبان پر کثرت سے ہو۔

بدنظری اپنے دامن میں گناہوں کا سمندر رکھتی ہے اور اس کی سزائیں بھی سخت ہیں۔ بہت سے واقعات ایسے بھی سامنے آئے کہ جن سے معلوم ہوا کہ بدنظری کرنے والوں کو دنیا میں بھی بدنظری کی وجہ سے سزا بھگتنی پڑی۔

